Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 بدھ، یکم جون 2022ء، یکم ذوالقعدہ 1443ھ، 18 جیٹھ 2079ب، قیمت 20 روپے شمارہ 53

PTI کا مارچ ریاست مخالف سازش تھی

رانا ثناء اللہ

وفاقی کابینہ نے عمران خان کے کارکنان کے اسلحہ ساتھ لانے کے بیان کا نوٹس لے لیا، یہ کوئی سیاسی سرگرمی نہیں بلکہ واضح طور پر ریاست پر حملے کی کوشش تھی جس کیلئے ایک دن پہلے کے پی ہاؤس میں مسلح جتھوں کو جمع کیا

پی ٹی آئی کیساتھ چند ہزار لوگ ڈی چوک پر جمع ہو گئے تھے، مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کی، یہ کوئی سیاسی بیانیہ نہیں مجرمانہ عمل ہے، ہمارے پاس صوابی جلسے کی ویڈیو ہے جس میں ان کے ساتھ مسلح لوگ تھے

اسلام آباد(چیف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ 25 مئی کا لانگ مارچ سیاسی سرگرمی نہیں بلکہ ریاست مخالف سازش تھی اور یہ کوئی سیاسی بیانیہ نہیں مجرمانہ عمل ہے۔اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ وفاقی کابینہ نے عمران خان کے کارکنان کے اسلحہ ساتھ لانے کے بیان (بقیہ نمبر 13)

حکومتی ارکان کی خواہش ہے ہم اسمبلی میں آجائیں، اسد عمر

پی ٹی آئی کور کمیٹی اجلاس میں اسمبلی میں واپسی کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کور کمیٹی اجلاس میں اسمبلی میں واپسی کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، سنتے رہتے ہیں حکومتی ارکان کی خواہش ہے ہم اسمبلی میں آجائیں۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں (بقیہ نمبر 9)

اشتہارات ایسے جیسے شہباز شریف دورہ مریخ پر کچھ ایجاد کرنے جا رہا ہے؟

یہ ایک طرف کہتے ہیں کہ زہر کھانے کو پیسے نہیں ہیں' میاں فرخ حبیب

اسلام آباد (حمزہ لطیف) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے شہباز شریف کے دورہ ترکی سے متعلق جاری اشتہاروں پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اشتہارات ایسے جیسے شہباز شریف دورہ مریخ پر کچھ ایجاد کرنے جارہا ہے؟۔(بقیہ نمبر 14)

ملک میں توانائی کا بحران شدت اختیار کر گیا

بجلی کا شارٹ فال 7ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا' ملک میں بجلی کی طلب 28200 میگاواٹ ہوگئی

لاہور(ہادی حسین) ملک میں توانائی کا بحران شدت اختیار کر گیا، گرمی سے بجلی کی طلب ریکارڈ سطح پر جا پہنچی۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق ملک میں بجلی کی طلب 28200 میگاواٹ ہوگئی، جبکہ رسد 21200 (بقیہ نمبر 10)

عمران خان کی عدالتی کندھا استعمال کرنے کی سازش ناکام ہوگی

فال آف عمران ان ڈی چوک ہوچکا ہے، وہ ڈی چوک کے بھگوڑے ہیں

اسلام آباد(چیف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان کی عدالتی کندھا استعمال کرنے کی مذموم سازش بھی فتنہ وفساد مارچ کی طرح ناکام ہوگی۔انہوں نے کہا کہ فال آف (بقیہ نمبر 11)

حکومت اور ٹی ٹی پی کے درمیان غیر معینہ مدت تک جنگ بندی پر اتفاق

ذبیح اللہ اور محمد خراسانی نے جنگ بندی میں 30 مئی تک توسیع کا اعلان کیا تھا

جنگ بندی میں توسیع دونوں فریقین کے درمیان مذاکرات میں اہم پیشرفت کی نشاندہی کرتی ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر)حکومت پاکستان اور کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) (بقیہ نمبر 12)

بھارت کو اگست کے فیصلے پر نظر ثانی کر کے اور سازگار ماحول پیدا کر کے تعلقات کو معمول پر لانے کی ذمہ داری اٹھانا ہوگی

سیاسی حل اور بات چیت پر یقین رکھتا ہوں

وزیر اعظم

پاکستان اور ترکی گزشتہ 75 برسوں سے ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہیں، دونوں ممالک کے تعلقات سیاسی تبدیلیوں سے بالاتر ہیں

دونوں ممالک علاقائی اور بین الاقوامی مسائل پر یکساں خیالات رکھتے ہیں اور دوطرفہ، علاقائی اور کثیر جہتی فورمز پر قریبی تعاون کرتے ہیں، انہوں نے مسئلہ کشمیر پر اصولی حمایت پر ترک قیادت کا شکریہ بھی ادا کیا

پاکستان اور بھارت کو باہمی طور پر فائدہ مند تجارت سے بہت کچھ حاصل کرنا ہے تاہم پاکستان نے بھارت کیساتھ تعلقات محدود کرنیکا فیصلہ کیا تھا جب بھارت نے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی خودمختاری کو ختم کر دیا تھا

انہوں نے امریکا کے ساتھ پاکستان کی اپنے تعلقات کو گہرا اور وسیع کرنے کی خواہش کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ سب سے بڑی برآمدی منڈی اور سرمایہ کاری اور آمدنی کا ایک بڑا ذریعہ ہے

اسلام آباد (حاجی ندیم)وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان اور ترکی کے درمیان مثالی تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکی گزشتہ 75 برسوں سے ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہیں، دونوں ممالک کے تعلقات سیاسی تبدیلیوں سے بالاتر ہیں، بھارت کو اگست 2019 کے اپنے فیصلے پر نظر ثانی کر کے اور بات چیت کے لیے سازگار ماحول پیدا کر کے تعلقات کو معمول پر لانے کی ذمہ داری اٹھانا ہوگی، سیاسی حل اور بات چیت پر یقین رکھتا ہوں،، پی ٹی آئی کو چارٹر آف اکانومی پر بات چیت کی دعوت دی ہے۔ترکی کے 3 روزہ دورے سے قبل ترک خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اور ترکی گزشتہ(بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد؛ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف ترکی کے تین روزہ دورے پر جانے سے پہلے ایئرپورٹ جاتے ہوئے

وزیراعظم شہباز شریف تین روزہ سرکاری دورے پر ترکی روانہ

وزیراعظم سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھنے والی شخصیات سے بھی تفصیلی ملاقاتیں کریں گے

اسلام آباد (این این آئی)وزیر اعظم شہباز شریف تین روزہ سرکاری دورے (31 مئی سے 2 جون 2022) پر ترکی روانہ ہوگئے۔وزیراعظم کے ہمراہ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب، وزیر سرمایہ کاری بورڈ چوہدری سالک حسین، معاونین خصوصی طارق فاطمی اور فہد حسین بھی موجود ہیں منصب وزارت عظمی (بقیہ نمبر 22)

سپیکر و ڈپٹی اسپیکر کی بلیغ الرحمان کو گورنر پنجاب کا حلف اٹھانے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی)اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی نے بلیغ الرحمان کو گورنر پنجاب کا حلف اٹھانے پر مبارکباد دی۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بلیغ الرحمان کا بطور (بقیہ نمبر 30)

پی ٹی آئی نے سپریم کورٹ میں دھوکا دہی سے آرڈر جاری کروایا

پی ٹی آئی کے مارچ کا کوئی سیاسی مقصد نہیں تھا' رانا ثناء اللہ خاں

اسلام آباد(حمزہ لطیف): وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے سپریم کورٹ کے فیصلے کی توہین کی اور سپریم کورٹ میں دھوکا دہی کے ذریعے آرڈر جاری کروایا، ہمارے پاس شواہد ہیں کہ یہ سیاسی مارچ نہیں بلکہ فتنہ وفساد پروگرام تھا۔عمران خان کا مارچ ایک سیاسی پروگرام نہیں بلکہ فتنہ وفساد پروگرام تھا، ان کا اسلحہ لانے کا اقدام کرمنل ایکٹ ہے، آپ گولی چلانے کے لیے ہی مسلح لوگ لائے تھے، کابینہ کے سامنے اس اقدام کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی اجازت مانگی ہے، حکومت اجازت دے تو مقدمہ درج کرائیں گے، کابینہ نے ایک کمیٹی قائم کر دی ہے جو اس پر کام کرے گی۔اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 15)

بجلی کی قیمت میں 3 روپے 99 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری

گزشتہ ماہ 12ارب 55 کروڑ یونٹ بجلی پیدا ہوئی، جس کی مجموعی لاگت 133ارب روپے رہی

صارفین پر 51ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ پڑیگا' فیصلے کا اطلاق کے الیکٹرک کے سوا بجلی کی تمام تقسیم کار کمپنیوں پر ہوگا

اسلام آباد(چیف رپورٹر) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا (نے بجلی کی قیمت میں 3 روپے 99 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دے دی۔نیپرا میں بجلی کی قیمت میں 4 روپے 5 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی) سی پی پی اے (نے اپریل کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کیلئے درخواست دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ماہ 12ارب 55(بقیہ نمبر 2)

امریکا، روس اور چین سے تعلقات رکھنا پاکستان کے مفاد میں ہے

پاکستان میں 50 ملین افراد غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں' مجھے کیسے پتا تھا کہ پیوٹن یوکرین کیخلاف کارروائی کیلئے جا رہے ہیں

بھارت اتحادی ہے اس لئے کسی نے کشمیریوں پر مظالم کی مذمت نہیں کی، عمران خان سابق وزیر اعظم

اسلام آباد(چیف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ امریکا، روس، چین اور دیگر ممالک سے تعلقات پاکستان کے مفاد میں ہیں۔برطانوی چینل کو انٹرویو میں پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان نے کہا کہ دنیا کے دیگر ممالک سے تعلقات رکھنا جن میں امریکا، روس اور چین بھی شامل ہیں پاکستان کے مفاد کے لئے ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے(بقیہ نمبر 23)

حکومت میں تھے تو اسرائیل کو تسلیم کرنے کیلئے دبا تھا، عمران خان

جس دن اسمبلی میں واپس گئے اسکا مطلب امپورٹڈ حکومت کو تسلیم کرنا ہے

پشاور(اے ایف پی): سابق وزیر اعظم اور چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ جب ہم حکومت میں تھے تو اسرائیل کو تسلیم کرنے کے لیے دبا تھا۔پشاور میں ڈیجیٹل میڈیا کے نمائندوں سے ملاقات کرتے ہوئے عمران خان نے بتایا کہ پیغام بھیجا گیا کہ اپنے ملک کا سوچیں، پیغام کس کی طرف سے آیا تھا یہ نہیں بتا سکتا۔عمران خان نے کہا کہ امریکا کے زیر اثر مخصوص لابی مسلم ممالک سے اسرائیل کو تسلیم کروانا چاہتی ہے۔انہوں نے عدم (بقیہ نمبر 24)

آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان شہید کانسٹیبل مدثر اقبال کی فیملی سے ملاقات کیلئے فیصل آباد پہنچ گئے

مکوآنہ (این این آئی) آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان شہید کانسٹیبل مدثر اقبال کی فیملی سے ملاقات کیلئے فیصل آباد پہنچ گئے، لانگ مارچ کے دوران شہید ہونے (بقیہ نمبر 29)

پرویز الٰہی نے تحریک انصاف کو قومی اسمبلی سے استعفے واپس لینے کا مشورہ دیدیا

تحریک انصاف ایوان سے باہر آکر اپنے لیے مزید مشکلات پیدا کرے گی، پرویز الٰہی

لاہور(این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی پرویز الٰہی نے تحریک انصاف کو قومی اسمبلی سے استعفے واپس لینے کا مشورہ دیدیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق مسلم لیگ (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ حمزہ شہباز صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال کا جائزہ لینے سے متعلقہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کسی جتھے کو قانون ہاتھ میں نہیں لینے دینگے، حمزہ شہباز

25 مئی کو قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر کیخلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے

لاہور (اے ایف پی) وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ کسی گروہ یا جتھے کو قانون ہاتھ میں نہیں لینے دینگے، لا اینڈ آرڈر کی فضا کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ زیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز کی زیر صدارت اعلی سطح کا اجلاس ہوا جس میں صوبے میں عوام کے(بقیہ نمبر 4)

الیکشن وقت پر ہی ہوں گے آصف زرداری

ایم کیو ایم انتخابات کے بیانات نہ دے، انتخابات وقت پر ہی ہوں گے، آگے بھی ملکر چلیں گے،،

،ہم کشتیاں جلا کر آئے ہیں اب بھی کوئی پیچھے کیوں ہٹے گا، ملک کی معاشی صورتحال خراب ہے پہلے اسے ٹھیک کرنا ہے

کراچی (اے ایف پی) پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم انتخابات کے بیانات نہ دے، انتخابات وقت پر ہی ہوں گے۔آصف علی زرداری سے ایم کیو ایم کے وفد نے ملاقات کی۔بلاول ہاؤس میں ہونے والی ملاقات کے دوران سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ایم کیو ایم کے وفد میں خالد مقبول صدیقی، کنور نوید جمیل، جاوید حنیف اور صادق افتخار شامل تھے۔آصف زرداری کے ہمراہ وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ، ناصر شاہ، سعید غنی، مرتضی وہاب و دیگر بھی موجود تھے۔ذرائع (بقیہ نمبر 16)

حمزہ شہباز کے حلف کا معاملہ، لاہور ہائی کورٹ کی صدر، گورنر کو کیس میں فریق بنانے کی ہدایت

لاہور (ہادی حسین) لاہور ہائی کورٹ نے حمزہ شہباز کے حلف کے خلاف تحریک انصاف اور مسلم لیگ (ق) کی اپیلوں میں صدر مملکت اور گورنر پنجاب کو فریق بنانے کی ہدایت کی ہے۔عدالت عالیہ کے جسٹس صداقت علی خان کی سربراہی میں 5 رکنی (بقیہ نمبر 21)

کراچی؛ سندھ کے وزیراعلیٰ مراد علی شاہ ایک اجلاس کی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین PARC ڈاکٹر غلام محمد علی کی مبینہ غفلت

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل PARC کی انتظامیہ نے مبینہ طور سینئر افسر کو تعصب کا نشانہ بناتے ہوئے

ان کی مرضی کے خلاف ڈیپوٹیشن پر کونسل سے باہر دوسرے محکمہ میں بھیج دیا

سینئر آفیسر ڈائریکٹر لوجسٹکس فخر زمان واہلہ کے ریلیونگ آرڈر بھی جاری کر دیئے گئے جبکہ ان کی جگہ

2015 میں بھرتی ہونے والے ایک جونیئر آفیسر ڈپٹی ڈائریکٹر طاہر سلیم کو چارج دیا گیا

اسلام آباد(محمد جمیل ملک) چیئرمین PARC ڈاکٹر غلام محمد علی کی مبینہ غفلت۔ پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل PARC کی انتظامیہ نے مبینہ طور سینئر افسر کو تعصب کا نشانہ بناتے ہوئے ان کی مرضی کے خلاف ڈیپوٹیشن پر کونسل سے باہر دوسرے محکمہ میں بھیج دیا۔سینئر آفیسر ڈائریکٹر لوجسٹکس فخر زمان واہلہ کے ریلیونگ آرڈر بھی جاری کر دیئے گئے جبکہ ان کی جگہ 2015 میں بھرتی (بقیہ نمبر 25)

عمران خان پر خوف طاری، خیبر پختونخوا میں پناہ لئے بیٹھے ہیں، عطا تارڑ

لانگ مارچ کے دوران درخت جلائے گئے، سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا گیا

لاہور (اے ایف پی) پنجاب کے صوبائی وزیر عطا تارڑ نے کہا ہے کہ عمران خان پر خوف طاری ہے، وہ خیبر پختونخوا میں پناہ لیے بیٹھے ہیں، دوبارہ اسلام آباد(بقیہ نمبر 17)

منشیات برآمدگی کیس، وزیر داخلہ ثنااللہ 25 جون کو فرد جرم کیلئے طلب

ثنااللہ کی پراپرٹی اور بنک اکاؤنٹس کھولنے کی درخواست پر اے این ایف سے جواب طلب

لاہور (اے ایف پی) لاہور کی انسداد منشیات کی عدالت نے منشیات برآمدگی کیس میں وزیر داخلہ رانا ثنااللہ کو 25 جون کو فرد جرم کیلئے طلب کرلیا۔لاہور کی انسداد منشیات کی عدالت نے گزشتہ ساعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔منشیات بر آمدگی کیس (بقیہ نمبر 18)

ایک ووٹ کی اکثریت کیلئے زرداری در بدر دھکے کھا رہے ہیں

سازش سے آئی ہوئی حکومت لوگوں کو بیوقوف نہیں بنا سکتی، ملک میں بارہ گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہے، مہنگائی ان کو لے ڈوبے گی

یہ حکومت غیر ملکی دوروں میں اپنی کمپنی کی مشہوری کے علاوہ کچھ نہیں کر رہی، سابق وزیر داخلہ شیخ رشید

اسلام آباد(چیف رپورٹر) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ ایک ووٹ کی اکثریت قائم رکھنے کے لیے آصف زرداری دربدر دھکے کھا رہا ہے۔شیخ رشید نے ایک بیان میں کہا کہ یہ حکومت غیر ملکی دوروں میں اپنی کمپنی کی مشہوری کے علاوہ کچھ نہیں کر رہی، پچھلے ڈیڑھ مہینے سے بلاول پاکستان سے باہر ہے۔انہوں نے کہا کہ سازش سے آئی ہوئی حکومت لوگوں کو بیوقوف نہیں بنا سکتی ، ملک (بقیہ نمبر 5)

اے این یف کی کارروائی، درابن، ژوب ہائی وے پر ٹرک سے 78 کلوگرام چرس برآمد کرلی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار)اے این ایف انٹیلی جنس کی اطلاع پر اے این ایف خیبر پختونخوا نے ڈیرہ اسماعیل خان میں کارروائی کرتے ہوئے درابن، (بقیہ نمبر 6)

پرائم منسٹر سٹیزن پورٹل پر شکایت کا نوٹس،

ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سرگودھا نے محکمہ صحت میانوالی کے افسران کیخلاف تحقیقات کا حکم دیدیا

سرگودھا(ظہور احمد بخاری) پرائم منسٹر سٹیزن پورٹل پر شکائت کا نوٹس لیتے ہوئے ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سرگودھا نے محکمہ صحت میانوالی کے افسران کے خلاف تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے انکوائری آفیسر سے رپورٹ طلب کرلی۔ زرائع کے مطابق وسیم ممتاز سکنہ شاہوالہ نے پرائم منسٹر سٹیزن پورٹل پر نشاندہی کی کہ اس کو کوڈ سٹرفکیٹ لینے پر معلوم ہوا کہ کوڈ کی بوسٹر ڈوز نہیں لگوائی لیکن سٹرفکیٹ پر اس کا اندراج ہے۔جبکہ اورسیز پاکستانی سے(بقیہ نمبر 7)

لاہور؛ صوبائی وزیر عطاء اللہ تارڑ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ماہ ذوالقعدہ 1443ھ کا چاند نظر آگیا ہے

اسلام آباد (حاجی ندیم) ماہ ذوالقعدہ 1443ھ کا چاند دیکھنے کیلئے چیئرمین مرکزی ریت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت زونل ریت ہلال کمیٹی اسلام آباد کا اجلاس بمقام دفتر وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی حکومت پاکستان کوہسار بلڈنگ پاک سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوا اجلاس میں وزارت مذہبی امور سے ڈی جی سید مشاہد حسین خالد نے جبکہ فنی معاونت کے لیے محکمہ موسمیات سے چیف میٹ سردار سرفراز اور محکمہ سپارکو سے غلام مرتضی نے اور وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سے جوائنٹ سیکرٹری زین العابدین نے اپنی خدمات سرانجام دیں۔اجلاس میں مرکزی و زونل ریت ہلال کمیٹی اسلام آباد کے اراکین شریک ہوئے

حکومت کی جانب سے بیوروکریسی میں اہم ترین تقرر و تبادلے

گریڈ 22 کے حسن ناصر جامی کو بطور سیکرٹری پرائیویٹائزیشن عہدے سے ہٹا دیا گیا

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) حکومت کی جانب سے بیوروکریسی میں اہم ترین تقرر و تبادلے کر دیئے گئے جس کے مطابق گریڈ 22 کے حسن ناصر(بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی؛ تحفظ فاؤنڈیشن صدر صالح ملک کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک سے ملاقات کر رہے ہیں

تحفظ فاؤنڈیشن کے وفد کی مشعال ملک سے اسلام آباد میں ملاقات

ملاقات میں ملک صالح محمد ایڈووکیٹ، پروفیسر رفاز کیانی، امجد اقبال ملک اور رشید احمد موجود تھے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار)تحفظ فاؤنڈیشن کے وفد نے کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک سے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صدر تحفظ فاؤنڈیشن ملک صالح محمد ایڈووکیٹ ، سینئر نائب صدر پروفیسر رفاز کیانی ، نائب صدر امجد اقبال ملک اور رشید احمد میڈیا کوآرڈینیٹر موجود تھے ملاقات کا مقصد بھارتی عدالت کی جانب سے عظیم کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کو بھارتی عدالت کی جانب سے جھوٹے اور بے بنیاد مقدمے میں عمر قید کی سزا کے خلاف اظہار یکجہتی کرنا تھا صدر تحفظ فاؤنڈیشن نے مشعال ملک سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی عدالت کا فیصلہ غیر منصفانہ اور آمرانہ ہے (بقیہ نمبر 19)

کمشنر سرگودھا کا ای خدمت سنٹر پر چھاپہ، سائلین کو ناقص سروسز کی فراہمی

سرگودھا(این این آئی) کمشنر سرگودھا نے ای خدمت سنٹر پر اچانک چھاپہ مار کر سائلین کو ناقص سروسز کی فراہمی پر انچارج ای خدمت سنٹر کو وارننگ کرتے ہوئے ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو طلب کر لیا۔ زرائع کے مطابق کمشنر ڈاکٹر ارشاد احمد(بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے 13ارب سرکاری خزانے میں جمع

مالی ناہمواریوں کو روکنے کے سلسلے میں ہر تیسرے اور چوتھے ماہ دفتر کے اندر اور قرب وجوار گھومنے ٹاؤٹوں کو حوالات کی سیر کروائی جاتی ہے، بلال اعظم

شارٹ کٹ تلاش کرنیوالے لوگ مالی معاملات میں ناہمواریوں کا سبب بنتے ہیں جبکہ لوگوں کے تمام سوالوں اور مسائل کا حل وون ونڈو آپریشن میں موجود ہے

درجنوں ٹمپرڈ گاڑیاں محکمہ پولیس کے حوالے، پانچ لاکھ سے زائد سگرٹ اور شیشہ نظر آتش، پروفیشنل ویڈ ٹیکس، رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے بھی بہترین کارکردگی دیکھائی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی دارلحکومت کے ادارے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے شہریوں کی سہولیات فراہم کرنے کے علاوہ مالی معاملات میں ناہمواریوں کو بھی کنٹرول کرنے کیلئے مسلسل کوششیں جاری ہیں جس کے نتیجہ میں ہر تین یا چار ماہ کے بعد اضافی پیسے لیکر کام کروانے والے ایکسائز آفس کے اندر یا قرب وجوار میں گھومتے پھرتے پندرہ بیس ٹاؤٹوں کا حوالات کی سیر کروادی جاتی ہے۔اس ضمن میں ڈائریکٹر بلال اعظم کا کہنا ہے کہ لوگ خود شارٹ کارٹ تلاش کرنے کی کوشش میں ٹاوٹ مافیاء کو پنپنے کا موقع فراہم کرتے ہیں جبکہ اپنے جائز کاموں کیلئے آنے والے شہریوں کیلئے وون ونڈو آپریشنل ہے جہاں پر شہریوں کو ایک ہی کھڑی پر ہر سوال کا جواب اور انکے سارے کام بڑی آسانی سے پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر کر دیئے جاتے ہیں (بقیہ نمبر 8)

سعودیہ اور اسرائیل کے درمیان امریکی ثالثی میں امن معاہدہ متوقع

اب امریکا نے اسرائیل اور سعودی عرب کے درمیان معاہدہ طے کرانے کے لیے اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں

سعودی عرب سے معاہدہ طے پانا اتنا آسان نہیں جتنا دوسرے عرب ممالک کے ساتھ معاہدہ کرنا تھا

تل ابیب(مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب اور امریکا کے درمیان جلد ہی امن معاہدہ طے پانے کی توقع ہے جس کے لیے امریکا اور عرب ممالک کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق عرب ممالک سے تعلقات کی بحالی کے بعد اب امریکا نے اسرائیل اور سعودی عرب کے درمیان معاہدہ طے کرانے کے لیے اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں۔عرب ممالک بھی سعودی عرب کے اسرائیل کے ساتھ تعلقات کی بحالی کے لیے کوشاں ہیں۔اسرائیل کے وزیر خارجہ یائر لیپید نے آرمی ریڈیو پر گفتگو میں کہا کہ سعودی عرب سے تعلقات کی بحالی ہمارے مفاد میں ہے۔

آئی جی پنجاب راؤ سردار فیصل آباد میں کانسٹیبل مدثر اقبال چیمہ کے گھر میں لواحقین سے ملاقات کے موقع پر شہید کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بنی گالا کرپشن کا ہیڈ کوارٹر

مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابقہ حکومت میں بنی گالا کرپشن کا ہیڈ کوارٹر بنا ہوا تھا۔ پارٹی سیکریٹریٹ میں سوشل میڈیا کی ٹیم سے خطاب کے دوران انہوں نے کہا کہ اس ہیڈ کوارٹر کے فرنٹ مین سابق وزیر اعلی پنجاب عثمان بزدار اور فرنٹ پرسن فرح گوگی تھی، فرح گوگی نے تو صرف پنجاب کا نہیں بلکہ پورے ملک کا حق کھالیا، کل آڈیو چل رہی تھی جس میں خاتون اول کہہ رہی تھیں 3 نہیں 5 قیراط کا ہیرا چاہیے۔ مریم نواز نے عمران خان کو مخاطب کرکے کہا کہ وہ انقلاب جس کو گلی گلی محلے محلے سے نکلنا تھا وہ آج اپنی ضمانتیں کرا رہا ہے، سپر پاور کو لکارنے والا راہداری ضمانت کے لیے پشاور میں چھپا بیٹھا ہے، ظلم کو سہنا ہو تو آپ کو نواز شریف جیسا جگر چاہیے۔ نائب صدر مسلم لیگ)ن (نے کہا جو شخص چار سال حکومت کرکے گیا ہے وہ کارکردگی بتانے کے لیے پرچی پڑھ رہا تھا، اس شخص کو تو پرچی بھی پڑھنی نہیں آرہی تھی جس نے کوئی کام نہیں کیا وہ کیا پڑھ پائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے مسلم لیگ)ن (جب بھی اقتدار میں آتی ہے اسے تباہ شدہ پاکستان ملتا ہے اور خوش قسمتی یہ ہے کہ نواز شریف اور شہباز شریف نے ہمیشہ پاکستان کو مشکلات سے نکال کر کامیابی کی جانب گامزن کیا۔ مریم نواز نے کہا کہ پاکستان کی خدمت کسی جماعت کے حصے میں آئی ہے وہ مسلم لیگ)ن (ہے، اس لیے آج کے بعد ہمارا نعرہ ہے کہ کیا ہے اور کرکے دکھائیں گے۔ نائب صدر مسلم لیگ)ن (نے کہاں لیگ کو اب اپنی سیاست کی فکر نہیں ہے، اب اس ریاست کی فکر ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ ہم ایک مرتبہ پھر لوڈ شیڈنگ اور دہشت گردی ختم کرنے آئے ہیں، عمران خان کے دور حکومت میں وہ بجلی پتا نہیں کہاں گئی جو نواز شریف نے بنائی تھی۔

ہوتا ہے شب و روز تماشا میرے آگے

تحریر۔۔۔سلیم رحمانی

اپنی زندگی میں بہت سی کتابیں پڑھیں، مگر اے حمید میرا پسندیدہ رائٹر رہا ہے کالج کے دور میں اے حمید کی افسانہ نگاری کی کتابیں پڑھیں۔ اے حمید نے ایک قومی اخبار میں ''بارش' ساوا' خوشبو'' کے نام سے کالم شروع کیا تو اس کا بھی مطالعہ کیا۔ اس کالم میں اے حمید پھولوں اور چائے کی خوشبو اور اپنی آوارہ گردیوں کا ذکر کرتا' مجھے اس عظیم مصنف سے ملنے کا اشتیاق رہا' مگر خواہش پوری نہ ہوسکی۔ چند سال قبل وہ بھی اس دار فانی کو خیر باد کہہ گئے۔ کیوں کہ دنیا واقعی دار فنا ہے اور باقی رہنے والی ذات صرف پروردگار عالم کی ہے۔ بقول شاعر

یہ چمن یونہی رہے گا اور ہزاروں جانور
اپنی اپنی بولیاں بول کر سب اڑ جائیں گے

اے حمید کی طرح مجھے بھی پھولوں اور چائے سے دلچسپی رہی ہے۔ ایک کتاب میں پڑھا تھا کہ سگریٹ پیؤ تو اچھے برانڈ کا اور چائے کسی ایسے چائے خانے میں پیؤ کہ جو دن رات کھلا رہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اب چائے اور پھولوں میں پہلے جیسی خوشبو نہ رہی۔ وقت کے ساتھ پھولوں کی اقسام تبدیل ہوئیں تو دوسری طرف مارکیٹ میں ملاوٹ شدہ اور دو نمبر چائے کی فروخت بھی جاری ہے۔ ایک وقت تھا جب چائے کے کسی ہوٹل کے قریب سے گزرتے ہی آپ کو چائے کی منفرد خوشبو دل لبھاتی تھی۔ مگر جس طرح انسان بدل گیا بعینہ چائے کا ذائقہ بھی تبدیل ہوتا چلا گیا۔ آج کے دور میں صرف رسمی طور پر چائے پینے کا رواج ہے۔ وگرنہ ملاوٹی اور جعلی چائے کی پتی میں خوشبو نام کی کوئی چیز نہ رہی۔ کہتے ہیں کہ موجودہ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کا والد بھی کسی ریلوے اسٹیشن پر چائے بیچتا تھا۔ اور مودی کی ڈیوٹی ٹرین کے مسافروں کو چائے دینے اور خالی برتن واپس لانے پر تھی۔ بعد میں یہی مودی انتہا پسند ہندو تنظیم میں شامل ہوگیا۔ اور آج تک اس کے دل سے مسلمانوں کے خلاف نفرت ختم نہیں ہوئی۔ جس طرح ملتان اور فیصل آباد کے گھنٹہ گھر میں بہت فرق ہے۔ اسی طرح ریلوے اسٹیشن یا لاری اڈہ کی چائے چنیوٹ بازار یا کسی اعلیٰ ہوٹل کی عمدہ چائے کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ 20 سال پہلے فیصل آباد میں بہت سے ایسے کیفے تھے۔ جہاں خوشبو دار اور خالص چائے مل جاتی تھی۔ پھر ایسا ہوا کہ ان جگہوں پر بڑے بڑے شاپنگ سنٹرز یا موبائل فونز کی دکانیں بن گئیں۔ چند سال پہلے کچہری بازار کی ایک گلی میں جھنڈے کا ہوٹل اور کشمیری ہوٹل بہت مشہور تھے۔ دونوں میں ادیب' شاعروں' مفکروں اور سیاستدانوں کا جمگھٹا دکھائی دیتا۔ لوگ دنیا جہان کی باتیں کرتے۔ جھنڈا ہوٹل کے مالک کی وفات کے بعد یہ دکان فروخت ہوگئی۔ اور بعد میں جھنڈا ہوٹل ڈیل گھر کے قریب ایک کرائے کی عمارت میں قائم ہوگیا۔ یہ عمارت فروخت ہوئی تو ایک بیٹے نے گورنمنٹ کالج کے سامنے چائے کی دکان کھول لی۔ مگر زیادہ دیر تک نہ چل سکی۔ البتہ مذکورہ ہوٹل کے تین چار ملازمین کہ جن کا تعلق آزاد کشمیر سے ہے۔ انہوں نے سرکلر روڈ پر کرایہ پر جگہ لیکر جھنڈا ہوٹل برقرار تھا۔ جہاں اب بھی کافی رش رہتا ہے۔ کشمیری ہوٹل کا مالک سردار جرال کشمیری تھا۔ جو پاکستان میں رہنے والے کشمیریوں کی تنظیم کا عہدیدار بھی تھا۔ اس ہوٹل پر سابق ایم پی اے فضل حسین راہی اور دیگر سیاستدان بھی اکثر بیٹھے رہتے تھے۔ جھنگ بازار میں ریگل چوک پر کیفے لطیف اور دربار محدث اعظم کے قریب کیفے دیوان بھی تھے۔ جو دن رات کھلے رہتے تھے۔ کیفے لطیف صاف ستھرا ہوٹل تھا جہاں 24 گھنٹے کافی بھی مل جاتی تھی۔ البتہ کیفے دیوان کا مالک پرتاب نگر کا رہائشی تھا جو اب وفات پاچکا ہے اور یہ جگہ بھی فروخت ہوگئی۔ تاہم اس کے دو بیٹے اب بھی چائے فروخت کرتے ہیں۔

کیفے دیوان میں گلوکار رفیع' نور جہاں' منا ڈے۔ لتا منگیشکر' مکیش اور کے ایل سہگل کے پرانے گانے سننے کو ملتے۔ دونوں ہوٹلوں میں بھی لوگ دنیا جہان سے بے نیاز ہوکر گھنٹوں بیٹھے رہتے۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی قیام پاکستان کے وقت کی ایک بغیر شٹر کے دوکان ہے جہاں کئی سال پہلے دودھ جلیبیاں مشہور تھیں۔ جو آج بھی ہیں ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سینئر صحافی قاری بابر جمیل (مرحوم) نے مجھے اس دوکان کو دیکھنے کی دعوت بھی دی مگر میں کسی وجہ سے نہ جاسکا۔ بہرحال آج غم روزگار کی زنجیروں نے انسانوں کے پیر باندھ دیئے ہیں۔ اور اب اسے روزی روٹی کے سوا کسی دوسرے کام سے دلچسپی ہی نہیں رہی۔ شہر کے پرانے ٹی سٹال پر بیٹھنے والوں کو وقت کی تیز آندھی نے ہم سے جدا کردیا ہے۔ نجانے کہاں گئے وہ لوگ جو اس شہر کی رونق تھے۔ ان کے دل میں خلوص اور سچائی تھی۔ من کے کھرے یہ لوگ اس جگہ چلے گئے جہاں جاکر کوئی واپس نہیں آتا۔ کبھی کبھار میں سوچتا ہوں کہ وقت کس قدر تیزی سے بدل گیا ہے۔ دنیاوی چکروں میں پڑ کر انسان سے فرصت کے لمحات چھن گئے ہیں۔ آج تو اخلاقی قدریں کھوگئی ہیں۔ آج کی دنیا میں بہت اندھیرا ہے۔ نفسانی خواہشات کی تکمیل میں ہم اس قدر آگے بڑھ گئے ہیں کہ قبر کی یاد نہیں رہی۔ انسان دنیا میں رہ کر یہ خیال کرتا ہے کہ شاید وہ دوسروں کے جنازے پڑھنے کیلئے پیدا ہوا ہے۔ کسی درویش منش شاعر نے دنیا سے بے رغبتی بارے کیا خوب کہا تھا۔

لاکھ دارا اور سکندر ہو گئے
آج بولو وہ کہاں پہ کھو گئے
آئی ہچکی موت کی اور سو گئے
ہے یہاں سب کا بسیرا چند روز

اس شعر سے مجھے گھنٹہ گھر کے آٹھ بازاروں میں پھرنے والا وہ ملنگ بہت یاد آرہا ہے۔ جس نے اپنے گلے میں ماں کی شان وعظمت بارے اشعار کی تختی لٹکا رکھی تھی۔ اسے حضرت میاں محمد بخش' حضرت بابا' بلھے شاہ' حضرت شاہ حسین اور حضرت خواجہ غلام فرید سمیت حضرت سید وارث شاہ کے بہت سے اشعار یاد تھے۔ میں اکثر اسے جھنگ بازار والی جامع مسجد میں بھی دیکھتا وہ اکثر کہا کرتا۔ ''اس سنسار سے کبھی دل نہ لگانا۔ اس فانی دنیا نے انسان کو دیا بھی کیا ہے؟ سکھی رہنا چاہتے ہو تو دوسروں میں خوشیاں بانٹو'' مجھے اس درویش صفت انسان کی باتیں اب بھی یاد ہیں

بے بس ارب پتی

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

وودولت اقتدار شہرت کسی بھی نارمل انسان کو فرعون بنا دیتی ہے دنیا بھر میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ جس کے پاس بے پناہ دولت ہے اُس کے پاس وہ کلید اعظم ہے جو ہر مسئلے کی کنجی ہے دولت کے بل بوتے پر ہر مسئلہ حل کیا جاسکتا ہے جب اللہ کی رسی دراز ہوتی ہے تو یہ دولت مند لوگ اپنی دولت کے بل بوتے پر حکمرانی اور اپنی ہر خواہش پوری کرتے نظر بھی آتے ہیں عام بندہ بھی یہی سمجھتا ہے کہ دنیا کے ہر مسئلے کی کنجی دولت ہے لہذا دولت کے حصول کے لیے وہ جائز ناجائز سارے لیول توڑ کر ختم نہ ہونے والی ہوس پر اندھا دھند دوڑنا شروع کر دیتا ہے جس کا اختتام کہیں بھی نہیں ہے جب سے میں نے روحانی خدمت خلق کے مشن میں قدم رکھا ہے تو میرے پاس زندگی کے ہر شعبے سے لوگ روحانی مشاورت کے لیے آتے ہیں جب کوئی بڑا آفیسر یا دولت مند آتا ہے تو ملنے والے بہت سارے لوگوں کے دماغوں میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ یہ تو آفیسر تو اقتدار کے جھولے لے رہا ہے اِس کو کونسا مسئلہ پریشانی ہے یہ دولت مند تو کروڑوں کی گاڑی اور غلاموں کی فوج کے ساتھ آیا ہے اِس کو کس پریشانی نے یہاں لا پھینکا ہے عام انسان یہی سمجھتا ہے کہ پریشانیاں صرف دولت کی کمی کی وجہ سے ہیں۔ دولت کی دیوی جس گھر یا خاندان پر مہربان ہوتی ہے وہاں پھر پریشانیاں یا مشکلات نہیں رہتیں لیکن یہ عام لوگوں کی بہت بڑی غلط فہمی ہوتی ہے کہ دولت ہی ہر مسئلے پریشانی کی کنجی ہے میں نے پچھلے پچیس سالوں میں انسانوں کے عروج وزوال پریشانیوں اور خوشیوں کا جو مشاہدہ کیا ہے وہاں پر جو واضح حقیقت سامنے آئی وہ حیران کن تھی کہ دولت مند صاحب اقتدار شہرت کے آسمان پر چمکنے والوں کو میں نے زیادہ پریشان اور خواب آور گولیاں کھاتے دیکھا روحانی آستانوں بابوں مزاروں نجومیوں کے پاس میں نے دولت مندوں کو زیادہ منڈلاتے دیکھا ہے یہ دولت مند اقتدار پر قابض لوگ زیادہ انجانے خوفوں کا شکار نظر آتے ہیں غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو پرسکون شاندار زندگی گزارتے ہوئے دیکھا ہے بلکہ سب سے زیادہ پرسکون خوش ان لوگوں کو دیکھا ہے جو اہل تصوف والی صحبت میں پائے جاتے ہیں یا جو حق تعالیٰ کے قریب تھے دولت مندوں کو تو پریشان ہی دیکھا ایسا ہی ایک ارب پتی سیٹھ پچھلے چند دنوں سے میرے پاس لگا تار آرہا تھا جس کی اربوں کی دولت وسیع وعریض جائیداد بنگلے کوٹھیاں فارم ہاؤس بنک اکاؤنٹ نوکروں کی فوج اُس کو خوشی دینے میں بری طرح ناکام تھی جو پچھلے کئی سالوں سے پرسکون نیند سے کوسوں دور تھا جس کے لیے دنیا بھر کے ذائقے بدذائقہ ہوگئے تھے مہنگی ترین گاڑیاں اُس کو خوشی نہیں دیتی تھیں بینکوں میں پڑی بے پناہ دولت اُس کے آرام کا سبب نہیں تھی جو دولت شہرت غلاموں کی فوج پاکستان کے ہر بڑے شہر میں محل نما گھروں میں بھی سکون نہیں پارہا تھا جو حقیقی خوشی کے لیے ترس رہا تھا اپنی ساری زندگی جس سلطنت کو کھڑا کرنے میں جائز ناجائز اصولوں کو توڑا وہ اُس کی نظروں کے سامنے پانی کے بلبلوں میں تبدیل ہو رہی تھی ناکامی کی امر بیل اُس کی ہڈیوں کو چاٹ رہی تھی انسان طاقت دولت کے نشے میں ہر چیز کو خریدتا ہے لیکن جب دولت شہرت اقتدار فیل ہو جائیں تو پھر ایسے ارب پتی لوگ روحانی لوگوں کی طرف رجوع کرتے ہیں یہ انسانی فطرت بھی ہے کہ وہ خدا مسجد مندر گھر دروازے گرجے یا مذہبی کتابوں کی طرف اُس وقت آتا ہے جب پریشان ہوتا ہے دولت کے انبار کھڑے کرتے ہوئے کامیابیوں کی سیڑھیاں اور پریشانیوں میں مذہبی ہوتے دیکھا ہے اِسی طرح میرے پاس یہ ارب پتی آرہا تھا جب سے میرے پاس آرہا تھا اپنی دولت سے مجھے لگا تار مرعوب کرنے کی کوششوں میں لگا ہوا تھا قیمتی تحائف مٹھائی فروٹ کے ٹوکروں کے ساتھ آتا پھر مختلف قسم کی پرکشش آفریں کرتا۔ میں فقیر اِس کی پریشانی اور فطرت کو دیکھ کر حیران ہوتا میرے پاس آنے کی وجہ یہ تھی کہ اکلوتا بیٹا جس کی تیسری شادی تھی لیکن دنیا جہاں کے ڈاکٹروں اور ہسپتالوں میں دھکے کھانے کے بعد ابھی تک صاحب اولاد نہیں ہوا تھا میں نے سن کر سوال کیا کہ کیا آپ کا بیٹا بانجھ ہے جو اولاد نہیں ہو رہی تو صاحب بولے جی نہیں تینوں بیگمات حاملہ ہوئیں لیکن پتہ نہیں کوئی بد دعا ہے یا کیا ہے کہ جیسے ہی بیگم حاملہ ہوتی ہے تیسرے مہینے تک بچہ ضائع ہو جاتا ہے شروع میں تو ہم نے عام بیماری سمجھ کر عام ڈاکٹروں سے علاج کروایا لیکن جب بار بار یہ حادثہ ہونے لگا تو عورت میں نقص ڈال کر بیٹے کی دوسری شادی کر دی لیکن جب دوسری کے ساتھ بھی وہی حادثہ کہ تیسرے مہینے تک ہی بچہ ضائع تو دولت کے بل بوتے پر تیسری شادی کردی لیکن ڈاکٹروں نے سر پکڑ لیا جب تیسری بیوی میں بھی وہی مسئلہ سامنے آگیا تو ڈاکٹروں نے پہلی بار ہمیں جرمنی بھیجا کہ وہاں جا کر اپنے بیٹے کے مخصوص ٹیسٹ کروائیں پھر ہم جرمنی امریکہ کروڑوں روپے لگا کر اِس نتیجے پر پہنچے کہ میرے بیٹے میں پروٹین کا بیلنس خراب ہے جس وجہ سے بچے کی گروتھ نہیں ہوتی اور بچہ نو ماہ سے پہلے ہی ضائع ہو جاتا ہے اب ڈاکٹروں نے علاج کر دیا کہ جو بیماری یا کمی آپ کے بیٹے میں ہے اِس کا ابھی تک میڈیکل سائنس پوری دنیا میں کوئی علاج نہیں جب ڈاکٹروں نے انکار کیا تو بابوں کے پاس چکر لگاتے ہوئے یہ ارب پتی صاحب میرے پاس آگئے یہ کیس چکرا دینے والا تھا جس نے میرے دماغ کو بھی نچوڑ کر رکھ دیا ایک دن میں نے بوڑھے ارب پتی سے پوچھا آپ نے کوئی گناہ بہت بڑا تو نہیں کیا تو قدرت آپ سے ناراض ہے اگر آپ معافی مانگ لیں تو شاید قدرت مہربان ہو جائے پہلے تو صاحب نے انکار کردیا کہ نہیں میں نے کوئی بڑا گناہ نہیں کیا لیکن چند دن بعد میرے پاس آکر اقرار کیا کہ میں نے دولت کی ہوس میں بہت سارے گناہ ظلم کیے ہیں میرا والد بہت امیر تھا ہم دو بھائی تھے میں نے بھائی کو نشے پر لگا دیا ساری دولت میرے نام ہو جائے بھائی نشے میں ہی خودکشی کر گیا پھر بہنوں کا بھی حق مار گیا شادی ہوئی تو پتہ چلا میں بانجھ ہوں تو ایک لے پالک بچہ لے کر پالا لیکن لوگوں کو یہی بتایا کہ یہ میری اولاد ہے میں ساری زندگی دولت کی ہوس اور ارب پتی بننے کے لیے لوگوں پر ظلم کرتا رہا دولت سے بیٹا خرید کر بڑا بھی کر لیا لیکن خدا نے مجھے آخری عمر میں یہ سزا دی ہے کہ میں ساری دولت لگا کر اپنی نسل کو آگے نہیں بڑھا سکتا اب چند سالوں بعد یہ ساری دولت لوگ کھائیں گے وہ مجبور بے بس ارب پتی ہوں کہ ایک مزدور اپنی نسل کو دیکھ کر سرشار ہو جاتا ہے جبکہ میں بے بسی پریشانی کے سمندر میں غوطے کھاتا ہوں۔

سیب اور ناشپاتی کھانے سے بلڈ پریشر بھی معمول پر رہتا ہے، تحقیق

پھلوں اور سبزیوں کے صحت پر اثرات سے تو ہم سب واقف ہیں لیکن بعض اقسام کے پھل جن میں سیب، بیریاں، ناشپاتی اور دیگر پھل شامل ہیں وہ بلڈ پریشر قابو میں رکھنے میں بہت مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔ یہ پھل اینٹی آکسیڈنٹس اور فلے وینوئڈز سے بھرپور ہوتے ہیں جن کی بدولت وہ امراضِ قلب سرطان اور ذیابیطس سے بھی بچاتے ہیں۔ اگرچہ ان پھلوں کی افادیت بھی سامنے آتی رہی ہے لیکن ایک نئی تحقیق نے اس حقیقت کو مزید تقویت بخشی ہے۔ اب یہ تحقیق بتاتی ہے کہ ہمارے معدے اور آنتوں میں رہنے والے خردنامیے اور مختلف اقسام کے بیکٹیریا فلے وینوئڈز سے عمل کر کے بلڈ پریشر قابو میں رکھتے ہیں۔ اس تحقیق سے یہ بھی معلوم ہوسکے گا کہ بعض فلے وینوئڈز دل کے لیے مفید کیوں ہوتے ہیں؟ شمالی آئرلینڈ میں واقع کوئنز یونیورسٹی کے سائنسدانوں کی تحقیق بتاتی ہے کہ فلے وینوئڈز کے انجذاب اور بلڈ پریشر قابو میں رکھنے میں معدے کے خردنامئے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس طرح فلے وینوئڈز کا باقاعدہ استعمال بلڈ پریشر کو کم کرنے میں انتہائی مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ بلیو بیری، اسٹرابری اور دیگر اقسام کی بیریوں کی روزانہ 80 گرام مقدار کھائی جائے تو اس سے چار درجے بلڈ بلڈ پریشر کم ہوجاتا ہے۔ واضح رہے کہ نارمل بلڈ پریشر کی پیمائش 120 اور 80 ہوتی ہے اور 140 سے 90 ایم ایم کو بلڈ پریشر کی بلند مقدار قرار دیا جاسکتا ہے۔ کوئنز یونیورسٹی میں غذائیت کی ماہر پروفیسر ایڈن کیسیڈی کہتی ہیں کہ اینتھوسیانِنس ایک قسم کے فلے وینوئڈز ہوتے ہیں جو بلڈ پریشر کو معمول پر رکھتے ہیں۔ کئی پھلوں کے نیلے اور سرخ رنگوں میں یہ خاص فلے وینوئڈز پائے جاتے ہیں، جن میں بلیک بیری، بلیو بیری، سرخ انگور اور دیگر پھل شامل ہیں۔ معدے کے بیکٹیریا انہیں سادہ اجزا میں تقسیم کرتے ہیں اور یہ دل کے لیے بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ایک جانب تو یہ خود آنتوں کے بیکٹیریا پر مثبت اثر ڈالتے ہیں تو دوسری جانب انہی بیکٹیریا کی بدولت بلڈ پریشر قابو میں رہتا ہے۔ اس مطالعے میں 904 افراد کو شامل کیا گیا ہے جن کی عمریں 25 سے 82 برس تھی جن کا طبی ڈیٹا بیس جرمنی کے بایو بینک میں تھا۔ ان تمام افراد سے 112 اقسام کے کھانوں کے بارے میں بھی پوچھا گیا۔ شریک افراد سے ان کے کھانے پینے، سونے اور دیگر معلومات کی بابت پوچھا گیا اور دن میں کئی مرتبہ ان کے بلڈ پریشر ٹیسٹ کیے گئے۔ ان میں سے جن افراد نے سیب، ناشپاتی اور بیریاں کھائی تھیں ان میں بلڈ پریشر کی سطح معمول پر دیکھی گئی۔

Show Biz
شوبز کارنر

SPORTS
کھیل کھلاڑی

سلمان اور انکے والد کو دھمکی آمیز خط موصول، مقدمہ درج

اس سے قبل بھی سلمان خان کو دھمکی آمیز کالز اور خط موصول ہو چکے ہیں

ممبئی (این این آئی) پنجابی موسیقی کے حوالے سے معروف بھارتی گلوکار اور سیاستداں سدھو موسیوالا کے قتل کے چند روز بعد ہی بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان اور ان کے والد سلیم خان کو ایک دھمکی آمیز خط موصول ہوا ہے۔ بھارتی میڈیا نے رپورٹ کیا کہ یہ خط سلمان خان کے والد سلیم خان کے گارڈز کو ممبئی کے باندرا بینڈ اسٹینڈ پرومنڈے کی ساحلی پٹی کے قریب اس تفریحی مقام پر ملا، جہاں یہ دونوں باپ بیٹے صبح کی واک کے بعد ستانے کیلئے کچھ دیر بیٹھتے ہیں۔ ادھر ممبئی پولیس نے اس گمنام خط کی وصولی کے حوالے

کترینہ کیف کے ساتھ شادی شدہ زندگی اچھی گزر رہی ہے

وکی کوشل اور کترینہ کیف دونوں اپنے اگلے پروجیکٹس کیلئے تیاری کر رہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار وکی کوشل نے کہا ہے کہ کترینہ کیف کے ساتھ شادی شدہ زندگی اچھی گزر رہی ہے۔ وکی کوشل اور کترینہ کیف نے ایک سال سے زیادہ ڈیٹنگ کے بعد دسمبر 2021 میں شادی کی تھی، ان کی شادی میں صرف دوستوں اور اہل خانہ نے شرکت کی تھی۔ وکی کوشل نے اب کترینہ کے ساتھ اپنی شادی شدہ زندگی کے بارے میں بات کی ہے۔ اداکار نے کہا کہ 'کترینہ کیف کے ساتھ ان کی شادی شدہ زندگی اچھی گزر رہی ہے، انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ازدواجی زندگی 'سکون بھری' ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں، یہ

کرن جوہر کیخلاف قانونی چارہ جوئی سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، ابرار الحق

فلم ''جگ جگ جیو'' کو راج مہتا نے ڈائریکٹ کیا ہے



لاہور (این این آئی) معروف گلوکار ابرار الحق نے کہا ہے کہ گانا ''نچ پنجابن'' چوری کرنے پر کرن جوہر کے خلاف قانونی چارہ جوئی سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹوں گا۔ ابرار الحق نے شکوہ کیا کہ صرف یوٹیوب ویڈیو میں ایک لائن لکھ دینا گانے کا کریڈٹ دینا نہیں ہوتا۔ یہ عمل کافی نہیں۔ اس لیے کرن جوہر اور ٹی سیریز کیخلاف عدالت جانے کے فیصلے پر قائم ہوں مئی کے وسط میں بھارتی فلم ساز کرن جوہر نے فل ''جگ جگ جیو'' کا گانا ''دی پنجابن گانا' کے عنوان سے پہلا آفیشل گانا شیئر کیا تھا

شاہ رخ خان اور کترینہ کیف بھی کورونا کا شکار

کرن جوہر کی سالگرہ کی تقریب میں شریک 55 مہمانوں کا کورونا ٹیسٹ مثبت آیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے 'بادشاہ' شاہ رخ خان اور 'باربی ڈول' کترینہ کیف بھی کورونا وائرس کا شکار ہوگئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حالیہ چند دونوں سے معروف بھارتی اداکار کووڈ 19 سے متاثر ہو رہے ہیں، گزشتہ روز بالی ووڈ اسٹار کارتک آریان اور ادتیا رائے میں بھی وبا کی تصدیق ہوئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اکشے کمار نے حال ہی میں کورونا کو شکست دی ہے۔ شاہ رخ اور کترینہ نے کووڈ کی رپورٹ مثبت آنے پر فلموں کی شوٹنگ سمیت اپنی روزمرہ کی سرگرمیاں عارضی طور پر روک دی ہیں۔

سی آئی اے ایجنٹ نے اپنی ہی ایجنسی کے جرائم کا پردہ فاش کردیا

لاس اینجلس (این این آئی) سی آئی اے ایجنٹ نے اپنی ہی ایجنسی کے جرائم کا پردہ فاش کردیا۔ نیٹ فلکس کی مہنگی ترین فلم ''دی گرے مین'' کی جھلکیاں جاری کردی گئیں۔ فلم پندرہ جولائی کو ریلیز کی جائے گی۔ امریکی اسٹریمنگ پلیٹ فارم نیٹ فلکس نے ایکشن اور تھرل سے بھرپور سیریز 'دی گرے مین' کا ٹریلر جاری کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ سیریز کے تازہ پوسٹر میں تامل اداکار دھنوش کو ایک خطرناک کردار میں دیکھا جاسکتا ہے۔ فلم کے پوسٹر نے ریلیز کے فوراً بعد ہی بھارت میں دھوم مچا دی تھی کیوں کہ ان میں تیلگو فلم انڈسٹری کے سپر اسٹار دھنوش 'لیتھل فورس' کا خطرناک کردار ادا کر رہے ہیں۔

سدھو موسے والا کی موت کے بعد سے دماغ کام نہیں کررہا' گلوکار ہنی سنگھ

سدھو ایک زبردست آرٹسٹ تھا، دونوں گلوکاروں کی موت سے انڈسٹری کو بہت بڑا نقصان ہوا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے نامور ریپ گلوکار ہنی سنگھ نے سدھو موسے والا اور کے کے کی موت پر شدید دکھ کا اظہار کیا ہے۔ متحدہ عرب امارات میں انٹرنیشنل انڈین فلم اکیڈمی ایوارڈز میں بھارتی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ہنی سنگھ نے کہا کہ بھارتی میوزک انڈسٹری نے دو ہیروں کو کھویا، سدھو موسے والا اور کے کے کی موت نے ایک خلا چھوڑ دیا ہے اور پوری قوم سوگ میں ہے۔ ہنی سنگھ نے کہا کہ سدھو موسے والا اور گلوکار کے کے کی اچانک موت کا سُن کر بہت دُکھ ہوا،

بہترین اداکارہ کا ایوارڈ ملنے پر کیرتی خوشی سے نہال

آئیفا ایوارڈز انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتی ہوں' کیرتی سنون

ابوظہبی (این این آئی) بالی ووڈ کی پُرکشش اداکارہ کیرتی سنون کو 2021 کی فلم 'میمی' میں بہترین اداکاری پر آئیفا ایوارڈ دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق یہ کیرتی کے فلمی کیریئر کا پہلا آئیفا ایوارڈ ہے۔ ایوارڈ جیتنے پر کیرتی کا کہنا تھا کہ انہیں ان کے خواب کی تعبیر مل گئی۔ ابوظہبی میں گزشتہ شب ہونے والی شاندار اور روشنیوں سے جگمگاتی انٹرنیشنل انڈین فلم اکیڈمی (آئیفا) برائے سال 2022 کی تقریب میں کیرتی سنون کو فلم 'میمی' میں بہترین اداکاری پر 'بیسٹ ایکٹریس' ایوارڈ دیا گیا۔ فلم ہیروپنتی میں ڈمپی چودھری کا کردار کرنے والی 31 سالہ کیرتی کوان کے 8 سالہ فلمی کیریئر میں ملنے والا یہ پہلا بڑا ایوارڈ ہے۔ ایوارڈ جیتنے پر کیرتی نے اپنے انسٹاگرام ہینڈل پر کئی تصاویر شیئر کیں

پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ون ڈے (کل) سے شروع ہوگی

ملتان میں 14 سال بعد بین الاقوامی کرکٹ کی واپسی کا سبب بنے گی، پی سی بی

ملتان/اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل سیریز (کل) 8 جون سے شروع ہوگی۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے مابین 8 جون بروز بدھ سے شروع ہونے والی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز اولیائے کے شہر، ملتان میں 14 سال بعد بین الاقوامی کرکٹ کی واپسی کا سبب بنے گی، تین میچز کی یہ سیریز آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈ کپ سپر لیگ کا حصہ ہے۔ سیریز میں دونوں ٹیموں سے سنسنی خیز کرکٹ مقابلوں کی توقع ہے تاہم یہ گراؤنڈ اس سے قبل بھی کئی یادگار کرکٹ میچز کی میزبانی کرچکا ہے، ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں پہلا بین الاقوامی کرکٹ میچ 2001 میں کھیلا گیا تھا اس ٹیسٹ میچ میں پاکستان نے مہمان بنگلہ دیش کو ایک اننگز اور 264 رنز سے شکست دی تھی۔ یہ دوسرا موقع ہوگا کہ جب ویسٹ انڈین اسکواڈ کوئی ون ڈے انٹرنیشنل میچ کھیلنے ملتان پہنچے گا۔ اس سے قبل دونوں ٹیمیں 13 دسمبر 2006 کو مدمقابل آئیں، جہاں مارلن سیمولز نے 91 گیندوں پر 100 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر مہمان ٹیم کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔

عالمی ٹائیٹل جیتنے والے کھلاڑی قوم کے ہیرو ہیں' ڈائریکٹر جنرل سپورٹس

پاکستان کا نام روشن کرنیوالے کھلاڑیوں کو سول ایوارڈ دینے کی سفارش کی ہے'

لاہور (این این آئی) محکمہ سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز پنجاب نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے بڑا اقدام اٹھایا ہے، سپورٹس میں دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنیوالے کھلاڑیوں کو سول ایوارڈ دینے کی سفارش کردی، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب جاوید چوہان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عالمی ٹائیٹل جیتنے والے کھلاڑی قوم کے ہیرو ہیں، کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے سول ایوارڈ دینے کی سفارش کی ہے جن میں پیرا اولمپکس ٹوکیو 2020ء میں پہلی بار گولڈ میڈل جیتنے والے اتھلیٹ حیدر علی، ریسلنگ میں عالمی ٹائیٹل جیتنے والے نوجوان پہلوان انعام بٹ، دنیا کی بلند ترین چوٹیاں سر کرنیوالے کم عمر ترین کوہ پیما شہروز کاشف، سنوکر ورلڈ چیمپئن بننے والے کم عمر ترین کھلاڑی احسن رمضان، ٹوکیو اولمپکس میں جیولن تھرو میں پانچویں پوزیشن حاصل کرنیوالے اتھلیٹ ارشد ندیم شامل ہیں۔

سپورٹس بورڈ پنجاب کی ہاکی ٹیم نے آل پاکستان انٹر پروونشل ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا

سپورٹس بورڈ پنجاب کی ہاکی ٹیم نے فائنل میں اسلام آباد کو 1-2 سے شکست دی

لاہور (این این آئی) سپورٹس بورڈ پنجاب کی ہاکی ٹیم نے راولاکوٹ میں منعقد ہونیوالا آل پاکستان انٹر پروونشل ہاکی ٹورنامنٹ 2022 جیت لیا ہے، سپورٹس بورڈ پنجاب کی ہاکی ٹیم نے فائنل میں اسلام آباد کو 1-2 سے شکست دی، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب جاوید چوہان نے شاندار کامیابی پر سپورٹس بورڈ پنجاب کی ٹیم کو مبارکباد دی ہے، پیر کے روز ٹیم کے نام اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا ہے کہ سپورٹس بورڈ پنجاب کی ہاکی ٹیم نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹورنامنٹ میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے،

کوہ پیما شہروز کاشف کا نام سِول ایوارڈ کیلئے تجویز کرنے کا فیصلہ

اسپورٹس بورڈ پنجاب شہروز کاشف کے نام کی سمری حکومت کو بھجوائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پاکستان کے نوجوان کوہ پیما شہروز کاشف کا نام سِول ایوارڈ کے لیے تجویز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسپورٹس بورڈ پنجاب شہروز کاشف کے نام کی سمری حکومت کو بھجوائے گا۔ ذرائع پنجاب اسپورٹس نے بتایا کہ کم عمری میں ہی شہروز کاشف کے کارناموں کو حکومتی سطح پر سراہنے کی ضرورت ہے۔ شہروز کاشف ماؤنٹ ایورسٹ اور کے 2 سر کرچکے ہیں، اس کے علاوہ وہ دو بار گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر چکے ہیں۔ لاہور سے تعلق رکھنے والے 20 سالہ شہروز کاشف 8 ہزار میٹر سے بلند 7 چوٹیاں سر کرچکے ہیں۔ نوجوان کوہ پیما بلند ترین 7 چوٹیاں سر کرنے والے تیسرے پاکستانی ہیں، ان سے قبل صرف محمد علی سدپارہ اور سرباز خان یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ شہروز کاشف 5 بلند ترین چوٹیاں سر کرنے والے پاکستان کے کم عمر ترین کوہ پیما ہیں۔

ون ڈے میچز کی سیریز کھیلنے کیلئے ویسٹ انڈیز کی ٹیم پاکستان پہنچ گئی

ملتا(این این آئی) پاکستان کے خلاف تین ون ڈے میچز کی سیریز کھیلنے کیلئے ویسٹ انڈیز کی ٹیم پاکستان پہنچ گئی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم سیریز کیلئے پہلے اسلام آباد پہنچی جہاں سے اُسے نجی ایئر لائن کے طیارے میں ملتان پہنچایا گیا، ٹیم کی آمد کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ ملتان میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تین ون ڈے میچز کی سیریز کا آغاز 8 جون کو ہوگا۔ شیڈول کے مطابق ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کا ٹریننگ سیشن منگل کی شام ساڑھے 4 سے رات 8 بجے تک ہوگا۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے ٹریننگ سیشنز سے قبل قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم اور مہمان اسکواڈ کے کپتان نکولس پوران میڈیا کانفرنس کریں گے۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ایک روزہ سیریز کا پہلا میچ 8 جون، دوسرا ون ڈے 10 جون جبکہ تیسرا اور آخری ون ڈے میچ اتوار 12 جون کو کھیلا جائیگا۔

شہید بینظیر بھٹو یادگاری فٹبال ٹورنامنٹ' شفیع محمڈن کی شاندار کامیابی

اعظم اسپورٹس کو 4-1 سے شکست' فاتح ٹیم کے نعمان ڈوڈو نے دو گول اسکور کئے

کراچی (این این آئی) وزیر اعلی سندھ کے معاون خصوصی برائے کھیل ارباب لطف اللہ کی ہدایت کے مطابق ہونے والے شہید بے نظیر بھٹو یادگاری فٹبال ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں ضلع ساؤتھ کی شفیع محمڈن نے ضلع ایسٹ کے معروف کلب اعظم اسپورٹس کو ایک کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر اگلے مرحلے کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ سندھ اسپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام اور کے ایم سی اسٹیڈیم کے سبزہ زار پر ہونے والے اس مقابلے کو شائقین کی ایک بڑی تعداد نے دیکھا۔

آئی سی سی ویمن پلیئر آف دی منتھ میں دو پاکستانی کرکٹرز شامل

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ویمن پلیئر آف دی منتھ کے لیے نامزدگیوں کا اعلان کردیا، پاکستان کی 2 ویمن کرکٹرز پلیئر آ؟ف دی منتھ کیلئے نامزد ہوئی ہیں۔ قومی ویمن ٹیم کی کپتان بسمہ معروف اور طوبیٰ حسن پلیئر اور آف دی منتھ کیلئے نامزد ہوئی ہیں جبکہ جرسی کی ٹرینیٹی اسمتھ بھی نامزد ہونے والی کرکٹرز میں شامل ہیں۔

پاکستانی ٹینس کھلاڑی مہک کھوکھر کی پاکستانی ٹینس کھلاڑی کی ثانیہ مرزا سے اپیل

ثانیہ مرزا پاکستان آتی رہتی ہیں وہ جب پاکستان آئیں تو ویمنز کھلاڑیوں کو ٹپس دیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی ٹینس کھلاڑی مہک کھوکھر نے بھارت کی ٹینس اسٹار اور قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی شعیب ملک کی اہلیہ ثانیہ مرزا سے اپیل کی ہے کہ وہ پاکستان کی ٹینس ٹیم کی ٹریننگ میں مدد کریں۔ ایک بیان میں مہک کھوکھر نے کہا کہ ثانیہ مرزا پاکستان آتی رہتی ہیں وہ جب پاکستان آئیں تو ویمنز کھلاڑیوں کو ٹپس دیں، ان کی تجاویز پاکستان ٹیم کیلئے بہت مددگار ثابت ہوں گی۔ ٹینس کھلاڑی مہک کھوکھر کا کہنا تھا کہ شعیب ملک سے بھی درخواست کروں گی کہ وہ اس سلسلے میں میری مدد کریں۔ خیال رہے کہ پاکستان ویمنز ٹینس ٹیم کو فیڈ کپ میں شرکت کرنی ہے۔ مہک کھوکھر انٹرنیشنل ٹینس ایونٹ میں کئی بار پاکستان کی نمائندگی کرچکی ہیں،

بقیہ 1

دن 12:30 بجے تک ریور گارڈن فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 2

میزائل فراہم کیے، تو اس کے ردعمل میں نئے اہداف کو نشانہ بنایا جائے گا۔ صدر پوٹن نے یہ بھی کہا کہ اگر مغرب نے یہ میزائل فراہم کر بھی دیے تو اس سے جنگ پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے چند دن پہلے ہی یوکرین کو لانگ رینج میزائل فراہم کرنے کا کہا تھا۔ لیکن انہوں نے یوکرینی حکام سے یہ یقینی دہانی مانگی تھی کہ یہ میزائل روس کے اندر حملوں کے لیے استعمال نہیں کیے جائیں گے۔

بقیہ 3

کی یاد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کیا اور مرنے والوں کے اہلخانہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر کینیڈین وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ کینیڈا میں اسلاموفوبیا کی کوئی گنجائش نہیں، یہ ناقابل قبول ہے، مذہبی منافرت کیخلاف ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی منافرت کے باعث اونٹاریو میں گزشتہ سال 4 پاکستانیوں کی موت ناقابل یقین سانحہ ہے۔

بقیہ 4

کے دوران ملک ریاض اور ان بیٹی کی مبینہ آڈیو سامنے لے آئے ہیں، جس میں ملک ریاض کی بیٹی اپنے والد کو بتارہی ہیں کہ فرح کا فون آیا تھا، خاتون اول نے ہیرے کی 3 کیرٹ کی انگوٹھی قبول کرنے سے منع کر دیا ہے۔ مبینہ آڈیو میں امبر فرح خان کا نام لیے بغیر کہتی ہے کہ ہفتے کو اس سے ملاقات ہے، انگوٹھی اس سے پہلے ہی ارینج کرلیں، اس پر ملک ریاض اپنی صاحبزادی سے کہتے ہیں کہ تم انگوٹھی منگوالو۔

بقیہ 5

کرتے ہیں، بی جے پی رہنماء فوری طور پر دنیا بھر میں بسنے والے تمام مسلمانوں سے معافی مانگیں، توہین آمیز کمات سے نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں بسنے والے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں، آزادی اظہار رائے کی آڑ میں پیارے نبی حضرت محمد ﷺ سے متعلق توہین آمیز الفاظ استعمال کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی مودی سرکار کا نفرت پھیلانے اور مذہبی آزادی کے خلاف اصل چہرہ کھل کر سامنے آچکا ہے، عالمی تنظیمیں بھارت کی نفرت اور اسلاموفوبیا پرمبنی پالیسیوں کا نوٹس لے۔

بقیہ 6

جان لیں عوامی طاقت صرف عمران خان کے ساتھ ہے۔ عمران اسماعیل نے کہا کہ ٹریکٹر مارچ مہنگائی مارچ والی پی پی اب مہنگائی پر ن لیگ کی ترجمان بنی ہوئی ہے، عوام ذاتی مفادات، جعلسازوں کی جماعت کو اب پہچان چکی ہے۔

بقیہ 7

چیئرمین بورڈ حبیب الرحمٰن گیلانی کے احکامات کی روشنی میں مہمانوں کی سیکورٹی ،رہائش، ٹرانسپورٹ سمیت دیگر تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

بقیہ 8

119 فیصد اصافے سے 2 ہزار 467 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق گردشی قرضہ بڑھنے کی بڑی وجوہات میں وصولیاں کم ہونا، روپے کی ڈالر کے مقابلے میں بے قدری، فیول کی قیمتوں میں اضافہ اور کورونا بھی رہا، اس عرصے کے دوران وصولیاں کم ہوگئیں اور حکومت نے موخر بھی کیں۔ بجلی پیدا کرنے والی نجی کمپنیز آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی مد میں پوری ادائیگیاں نہ کرنے سے بھی گردشی قرضہ بڑھا، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے ترسیلی اور تقسیم کے نقصانات بھی گردشی قرضہ بڑھنے کی وجہ ہیں، بجلی تقسیم کی چار کمپنیاں ناقابل تلافی نقصانات کررہی ہیں۔ پیسکو کے تقسیم وترسیلی نقصانات 38 فیصد ہیں جبکہ نیپرا نے 27.90 فیصد تک نقصانات کی اجازت دے رکھی ہے، حیسکو کے نقصانات 28 فیصد ہیں جبکہ نیپرا کی طرف سے 21 فیصد کی اجازت ہے، سیپکو کے نقصانات 35 فیصد ہیں جبکہ نیپرا نے 25 فیصد کی اجازت دے رکھی ہے، کیسکو کے بجلی تقسیم وترسیل کے نقصانات 30 فیصد ہیں جبکہ نیپرا کی طرف سے 17 فیصد کی اجازت ہے۔ پی ٹی آئی حکومت کے دوران بجلی مہنگی کر کے تقریباً ایک ہزار ارب روپے صارفین سے وصول کیے گئے۔

بقیہ 9

جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (72 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور اولین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ اعدادوشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات 5 7 4 ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 2 4 مسافر 1 9 4 اور 3 1 1 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعدادوشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 263 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی دارالحکومت 292 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 87 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ دوسرے اور فیصل آباد 62 حادثات میں 75 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ ان ٹریفک حادثات کے کل 1079 متاثرین میں 825 مرد اور 254 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 250 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم اور 514 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 315 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 8 4 8 موٹرسائیکلز، 9 6 آٹو رکشے 8 1 1 موٹر کاریں، 21 ویگن 06 مسافر بسیں، 33 ٹرک اور 87 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 10

20 ہزار سے زائد درخواستوں میں سے 12705 درخواستیں نمٹائی گئی ہیں۔ 1223 درخواستوں پر کاروائی جارہی ہے جبکہ 5 ہزار سے زائد درخواستوں کو متعلقہ نہ ہونے پر منسوخ کیا گیا ہے اور 1354 درخواستوں پر اعتراضات لگائے گئے ہیں۔ کمشنر سوشل سکیورٹی نے کہا کہ ایپ کی مدد سے ورکرز کو اپنی رقوم کی وصولی کیلئے ڈائریکٹوریٹ یا سب آفس کے چکروں سے چھٹکارہ حاصل ہوا ہے۔ مینول سسٹم پر ورکرز کو مالی مراعات کیلئے مہینوں انتظار کرنا پڑتا تھا اب 10 دن کے اندر رقوم بینک اکاؤنٹ کے ذریعے براہ راست ان کے اکاؤنٹ 1-Link Solution کے ذریعے ٹرانسفر کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورکرز گھر بیٹھے یا اپنے کام کی جگہوں سے نہایت آسانی کے ساتھ مالی مراعات کیلئے درخواست جمع کروا رہے ہیں۔ ایپ سے پہلے ورکرز کو مالی مراعات کی ادائیگی کیلئے 15 اقسام کے کاغذات درخواست کے ساتھ لف کرنا ہوتے تھے اب ورکرز 3 ڈاکومینٹس کے ذریعے اپنا کیس اپلوڈ کررہے ہیں۔ کمشنر سوشل سکیورٹی نے کہا کہ پنجاب سوشل سکیورٹی میں شفافیت کے فروغ اور کام کی استعداد کار میں بہتری کیلئے آٹومیشن پر ترجیحی بنیادوں پر کام کیا جا رہا ہے۔ کنٹری بیوشن پرفارمنس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے فیلڈ افسران کی کارکردگی کے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ کنٹری بیوشن کی ادائیگی میں شفافیت کیلئے آن لائن کنٹری بیوشن پورٹل کا سسٹم متعارف کروایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو ان کی دہلیز کے قریب سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام فراہم وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔

جوڑ میلہ کی تقریبات میں شرکت کیلئے بھارت سے سکھ یاتری (کل) پاکستان آئینگے

لاہور (این این آئی) سکھ مذہب کے گوروارجن دیو جی کے شہیدی دن (جوڑ میلہ) کی تقریبات میں شرکت کے لیے بھارت سے سینکڑوں سکھ یاتری (کل) بدھ کی صبح واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آئیں گے جہاں پر متروکہ وقف املاک بورڈ کے اعلی حکام اور مقامی سکھ رہنما مہمانوں کا استقبال کریں گے، بورڈ ترجمان کے مطابق چیئرمین بورڈ حبیب الرحمٰن گیلانی کے احکامات کی روشنی میں مہمانوں کی سکیورٹی ،رہائش، ٹرانسپورٹ سمیت دیگر تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

بقیہ 11

کو قبضہ میں لے لیا اور مالکان کے کھاد سمگلنگ اور خلاف ذخیرہ اندوزی کے تحت تحقیقات شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ کے اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا عظیم شوکت اعوان کی سربراہی میں سپیشل برانچ اور محکمہ زراعت کے ٹیموں نے مشترکہ آپریشن میں چک 87 بائی پاس کے قریب تاجر کے نجی گودام میں اچانک چھاپہ مار کر مہنگے داموں فروخت کے لئے اسٹاک کی گئے 61 سو بیگ گندم اور 4 سو بیگ یوریا کھاد برآمد کرلی اور گودام کو سیل کر دیا جبکہ سلانوالی روڈ پر کھاد سمگلنگ کو ناکام بنا کر ٹرالر سے 8 سو بیگ یوریا کھاد برآمد کر کے ٹرالر قبضہ سرکار میں لے لیا گیا۔ جس پر مالکان کے خلاف کھاد سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے تحت تحقیات شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 12

ڈائریکٹر جنرل انٹی کرپشن پنجاب کے سپرد اور ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی ظہیر انور کو تبدیل کر کے ان کی خدمات ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کے سپرد کردی گئیں۔

بقیہ 13

میں تعینات کیا گیا، استدعا ہے سارہ اسلم کی تعیناتی کالعدم قرار دی جائے۔

بقیہ 14

ان کا انقلاب بھاگا، پھر ہیلی کاپٹر کے ذریعے دوبارہ بنی گالا پہنچ گیا ہے، ان کو اپنے کرتوتوں پر عوام سے معافی مانگنی چاہیے، ملکی مفاد، عوامی دلچسپی کیلئے اشتہار دینا حکومت کا استحقاق ہے۔ پیر کو یہاں وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی کے رہنماؤں کی طرف سے حضور اکرم کی شان میں گستاخی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے رہنماؤں نے شرپسندی، فتنہ پسندی اور پست ذہنیت کی عکاسی کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حضور اکرم کی عزت وحرمت کے لئے ہم مرنے اور کٹنے کو تیار ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حضور اکرم تمام جہانوں اور انسانیت کے لئے مشعل راہ ہیں، ان کی شان میں گستاخی پر آج ہر مسلمان تکلیف اور کرب سے گذر رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ بی جے پی کی پست ذہنیت شرپسندی اور بیمار ذہنیت کی عکاسی کرتی ہے، بھارتی ناظم الامور سے بھی احتجاج کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران خان نے چار سال اپنے ذاتی مفادات اور دولت کو بڑھانے کے لئے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا، پچھلے چار سالوں کے دوران کارٹلز اور مافیا کی جیبیں بھری گئیں اور عوام کی جیبیں خالی کی گئیں، یہ توشہ خانہ کی گھڑی یا بشریٰ بی بی کی انگوٹھی کا معاملہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک آڈیو لیک بھی آئی ہے جس میں فرح گوگی ڈیل کررہی ہیں کہ بشریٰ بی بی کو 3 کیرٹ پسند نہیں انہیں 5 کیرٹ کی انگوٹھی پسند ہے، یہ کام ایک ڈیل کے تحت کیا جارہا ہے، جس کے عوض بشریٰ بی بی کو پانچ کیرٹ کی انگوٹھی دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان، بشریٰ بی بی اور فرح گوگی گٹھ جوڑ نے پنجاب اور وفاق کی سطح پر اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام آٹا، بجلی، گیس کیلئے ترستی رہی، ملک میں کاروبار اور معیشت تباہ ہوتی رہی لیکن یہ لوگ اپنی آمدن میں اضافے میں لگے رہے، یہ معاملہ پاکستان کی عوام کا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بنی گالا میں روحانی عملیات کی بات ہر زبان پر تھی، اصل میں وہاں کرپشن کے عملیات ہو رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی منی ٹریل کو چیک کریں تو اس کے تانے بانے عمران خان، بشریٰ بی بی اور فرح گوگی سے ملتے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ٹرانسفرز، تعیناتیاں، پراجیکٹس اور حکومتی معاملات کا کھرا بنی جا کر نکلتا ہے، عمران خان نے وزیر اعظم آفس کو اپنے ذاتی مفادات کے لئے استعمال کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چار سال یہ دوسروں پر الزامات لگاتے رہے، دوسروں کی پگڑیاں اچھالیں اور خود سرکاری وسائل کا غلط استعمال کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انہوں نے چار سال عوام کو تکلیف کے سوا کچھ نہیں دیا، اپنی چوری اور کرپشن سے نظر ہٹانے کے لئے یہ بیرون سازش کی بات کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران خان الیکشن چاہتے ہیں تو پارلیمنٹ جائیں اور استعفے دیں، نیا الیکشن تو مانگ رہے ہیں تاہم قومی اسمبلی سے استعفیٰ نہیں دے رہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک سازش کا الزام تو پارلیمنٹ پر لگایا جارہا ہے لیکن اس سے مستعفی نہیں ہورہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے نیا پاکستان میں بشریٰ بی بی، فرح گوگی اور عمران خان کا گٹھ جوڑ تھا جس نے دونوں ہاتھوں سے پاکستان کو لوٹا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ وہ نیا پاکستان ہے جس میں نہ ایک کروڑ نوکری آئی، نہ ملکی معیشت ٹھیک ہوئی، نہ غربت ختم ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ 2018ء میں یہ ملک ترقی کر رہا تھا، عوام خوشحال تھی، لوڈشیڈنگ ختم ہو گئی تھی، سی پیک جیسے گیم چینجر منصوبے آگئے تھے لیکن انہوں نے اس ترقی یافتہ اور خوشحال ملک کو غریب کر دیا اور خود امیر ہو گئے، انہوں نے انگوٹھیوں اور گھڑیوں پر ملکی مفادات کا سودا کیا، ملکی مفاد کی قیمت پانچ کیرٹ کی انگوٹھی لگائی۔ انہوں نے کہا کہ آٹے اور چینی کی سمریاں بھیج کر انہوں نے ان کی قیمتیں بڑھائیں، مصنوعی ڈیمانڈ تشکیل دے کر اسے ایکسپورٹ کیا، پھر امپورٹ کیا اور جب قلت پیدا ہوئی تو چینی 120 روپے فی کلو فروخت کی۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے سفارتی تعلقات کے پچھتر سال پورے ہونے پر اخبار میں اشتہار کے معاملہ کو یہ ہائی کورٹ لے گئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دو ممالک کے درمیان پچھتر سالہ تعلقات کو منایا جا رہا ہے جس پر انہیں تکلیف ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے بیرون ملک سرمایہ کاروں کو ناراض کیا، ان کے منصوبے بند کئے، ترکی کی کمپنیوں کے نمائندوں کو نیب کے ذریعے جیلوں میں ڈالا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف ان کا پھیلایا ہوا گند صاف کررہے ہیں، ہمارے سر اس وقت شرم سے جھک گئے جب ترکی کے سرمایہ کاروں نے چار سال کی داستانیں سنائیں کہ کس طرح دوست ممالک کے سرمایہ کاروں سے سلوک روا رکھا گیا۔

بقیہ 15

پروگرام کو عوام، سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل ہے، پاکستان اپنے نیوکلیئر پروگرام پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ پیر کو آئی ایس پی آر کے مطابق نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پالیسی کے تحت علاقائی عوامل، سیکورٹی پر سیمینار منعقد کیا گیا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ندیم رضا نے نسٹ میں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی نیوکلیئر صلاحیت مادر وطن کے دفاع اور سلامتی کی ضامن ہے، ملکی نیوکلیئر پروگرام کو عوام اور تمام سیاسی جماعتوں کی مکمل حمایت حاصل ہے، سول اور ملٹری قیادت نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے اس اسٹریٹیجک پروگرام کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح ہے۔ ڈپٹی چیئرمین نیشنل کمانڈ اتھارٹی جنرل ندیم رضا نے کہا کہ قومی سیکورٹی ناقابل تقسیم ہے، پاکستان اپنے نیوکلیئر پروگرام پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا، جنرل ندیم رضا نے واضح کیا کہ پاکستان ایک ذمہ دار اور پر اعتماد نیوکلیئر ملک ہے، پاکستان کی پالیسی فل اسپیکٹرم ڈیٹرنس ہے جو قابل اعتماد ایٹمی توازن کے دائرہ کار میں ہے، جنرل ندیم رضا نے کہا کہ ہماری قومی سیکورٹی اور سیفٹی میکنزم ہر قسم کے خطرے کے خلاف تمام ضابطوں کے مطابق ہے، جنرل ندیم رضا نے زور دیا کہ قومی اسٹریٹجک پروگرام پر بے بنیاد اور غیر ضروری تبصرے سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نیوکلیئر ممالک میں رائج طریقے کے مطابق صرف نیشنل کمانڈ اتھارٹی اسٹریٹجک پروگرام پر ریسپانس اور تبصرے کی مجاز ہے۔

بقیہ 16

کہا کہ کائنات کی عظیم المرتبت شخصیت حضور اکرم رحمت اللعالمین ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ خاتم المرتبت کا اسوہ حسنہ مبارک سارے جہاں کے لئے اعلیٰ نمونہ اور مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیارے نبیؐ کے بارے میں بی جے پی رہنماؤں نے گستاخی کی کوشش میں اپنے بدنما چہرے مزید سیاہ کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رسالت مآب کی سیرت پاک اور سنت پاک بین المذاہب ہم آہنگی پر مشتمل ہے، برصغیر کے امن کیلئے موذی مرض نریندر مودی بی جے پی کو لگام دے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے کونے کونے میں عشاقان رسول اللہؐ کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے والوں کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔

بقیہ 17

سپورٹ مشن کے دوران پیش رفت کی صورتحال کا جائزہ لینا، نئے چیلنجز کی نشاندہی کرنا، آئندہ چھ ماہ کے دوران عمل درآمد کے لیے منصوبوں کا تعین کرنا اور اس سے متعلق ابتدائی بات چیت کے لیے NSPP کی رپورٹ کی تیاری پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔ محترمہ شازیہ مری نے عالمی بینک کے مشن کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے BISP کو مسلسل اور قابل قدر مدد فراہم کرنے میں ایک بڑے ترقیاتی پارٹنر کے طور پر عالمی بینک کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ عالمی بینک نے صحت اور تعلیم سے متعلق نقد مالی معاونت کے پروگراموں کے ذریعے انسانی سرمائے کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ محترمہ شازیہ مری نے بی آئی ایس پی کو کئی ممالک کے لیے رول ماڈل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کا حتمی ہدف بالخصوص موجودہ معاشی صورتحال میں غریبوں اور کمزوروں کی مدد کرنا ہے۔ انہوں نے غریبوں کے فائدے اور SDGs کے حصول کے لیے جامع ترقی کو یقینی بنانے کے لیے پروگرام کی ڈیزائننگ اور نفاذ میں BISP کی جانب سے عالمی بینک کے مشن کو مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وفاقی وزیر نے ان ممالک کے ساتھ معلومات کے اشتراک کی خواہش کا بھی اظہار کیا جو اس نوعیت کے سماجی تحفظ کے پروگرام شروع کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ملک کے کمزور طبقات کے لیے بین الاقوامی بہترین طریقوں سے سیکھنے اور انہیں غربت سے نکالنے میں مدد کرنے کا خواہاں ہے۔ عالمی بینک کیجانب سے جناب امجد ظفر خان، میلیس یو گوون، سینئر سوشل پروٹیکشن اکانومسٹ، رندا جی الراشدی، سوشل پروٹیکشن سپیشلسٹ اور گل نجم جامی نے اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عصمت طاہرہ، سیکرٹری بی آئی ایس پی کے علاوہ بی آئی ایس پی کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 18

کی مالی معاونت کرنے کے کیس کی سماعت کرتے ہوئے ایم کیو ایم لندن کے 3 کارکنان کی ضمانت مسترد کردی۔ ملزمان میں شاہد عرف متحدہ، عادل انصاری، سراج احمد خان شامل ہیں، اس مقدمے میں ماجد خان اور آصف صدیقی بھی گرفتار ہیں، جب کہ عدالت قمر منصور کے بھائی محمد محمود غفور سمیت 3 ملزمان کو اشتہاری قرار دے چکی ہے۔ دیگر مفرور ملزمان میں محمد سفیان اور محمد یاسین شامل ہیں، جب کہ مقدمے میں ظفر ٹینشن حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کرچکا ہے، اس مقدمے میں مجموعی طور پر 11 ملزمان گرفتار، 3 مفرور ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزمان پاکستان میں خفیہ سلیپر سیل اور ای میل چلا رہے تھے، ایم کیو ایم لندن کے محمد محمود غفور کو رانے کوڈ آئی ڈی فراہم کی، جو مفرور ملزم نے گرفتار ملزمان کو فراہم کی، ملزمان پاکستان کی خفیہ معلومات بھارت کو فراہم کرتے تھے۔ ایف آئی اے کے مطابق محمد محمود غفور را کے فنڈ کو پاکستان کے مختلف بینکوں میں محفوظ کرتا تھا، وہ ایم کیو ایم لندن کے کارکنان کو تربیت کے لیے بھی بھارت بھیجتا تھا۔ واضح رہے کہ آئندہ سماعت پر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے گی۔

بقیہ 19

فضل محمد زرکون سمیت 16 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں جمع کرادیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے سال 2008 میں ضلع کوہلو میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت کو کروڑوں روپے فنڈز کا اجرا کیا جس کے تحت صحت عامہ اور زرائع مواصلات سمیت بنیادی عوامی ضروریات کے منصوبوں پر عمل درآمد ہونا تھا تاہم مفاد عامہ کے یہ منصوبے ضلعی انتظامیہ، محکمہ بی اینڈ آر کے افسران اور ٹھیکیداروں کی ملی بھگت سے کرپشن کی نذر ہوگئے۔ نیب بلوچستان نے شکایات کی بنیاد پر تمبو تاپزا اور دکی تا پزا سڑک کی تعمیر کے منصوبے کی تحقیقات کیں تو یہ حقائق سامنے آئے کہ کوہلو ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت بننے والے ان منصوبوں میں زمین کو صرف ہموار کر کے منصوبوں کے لیے جاری 25 کروڑ روپے سے 6 کروڑ 50 لاکھ روپے ہڑپ کر لئے گئے۔ نیب بلوچستان نے ملزمان کے خلاف ٹھوس شواہد اکھٹے کر کے سابق ڈی سی کوہلو اور پروجیکٹ ڈائریکٹر کوہلو ڈویلپمنٹ پیکج اعجاز حیدر شاہ، محکمہ بی اینڈ آر بلوچستان کے افسران ظاہر بلوچ، اسلم قمبرانی، فضل محمد زرکون سمیت 16 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں دائر کردیا ہے۔

بقیہ 20

کئے جانے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے اسلام آباد میں جاپانی کمپنیوں کے وفد نے ملاقات، ملاقات وزیر اعظم کی تمام مقامی و بین الاقوامی کاروباری و تجارتی اسٹیک ہولڈرز سے بجٹ کے سلسلے میں ملاقاتوں کی ایک کڑی ہے۔ جاپانی وفد میں پاکستان میں جاپان کے سفیر میتسو ہیروواڈا جاپانی کمرشل اتاشی اور تمام بڑے صنعتی و تجارتی شعبوں میں کام کرنے والی جاپانی کمپنیوں کے نمائندے شریک ہوئے اسکے علاوہ اجلاس میں وفاقی وزراء خرم دستگیر، مفتاح اسماعیل، مخدوم مرتضی محمود اور متعلقہ اعلی حکام نے بھی شرکت کی ۔ جاپانی کمپنیوں نے وزیر اعظم شہباز شریف کے ویژن کے تحت موجودہ حکومت کی کاروبار دوست پالیسیوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ اسکے علاوہ جاپانی کمپنیوں نے الیکٹرک وہیکل مینوفیکچرنگ، فوڈ پراسیسنگ، اسپیشل اکنامک زونز، ٹیکسٹائل سیکٹر، ٹیلی کمیونیکیشن سیکٹر، اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اور جاپان 2022 میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 70 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، جاپان کی ترقی پوری دنیا کیلئے مثال ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان جاپان تعاون کو فروغ دے کر پاکستان جاپان کے تجربے سے مستفید ہو سکتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جاپانی وفد کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ پاکستان میں سرمایہ کاری اور تجارت کے فروغ کیلئے پاکستان کا جلد دورہ کریں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان میں جاپانی کمپنیاں اپنی سرمایہ کاری سے ایکسپورٹ انڈسٹری کے قیام پر کام کریں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ تھر میں کوئلے، چنیوٹ میں لوہے کے ذخائر، قابل تجدید توانائی، انفراسٹرکچر اور پبلک ٹرانسپورٹ میں سرمایہ کاری و تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

بقیہ 21

امریکی صدر نے ایرانی تیل پر پابندیاں نرم کرنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ خام تیل کا کاروبار کرنے والی ایک بڑی نجی کمپنی نے امید ظاہر کی ہے کہ امریکہ جلد مزید ایرانی تیل کی بین الاقوامی منڈیوں میں فروخت کی اجازت دے دے گا۔ بلوم برگ کے مطابق ایران کی عالمی سرگرمیوں سے متعلق ایران اور امریکا کے درمیان جلد کسی تصفیہ کا امکان نہیں تاہم امریکی صدر جو بائیڈن یہ فیصلہ کرسکتے ہیں تیل کی عالمی قیمتوں میں کمی کے لیے اب بہتر یہی ہے کہ ایرانی تیل پر پابندیوں کینفاذ میں سختی نہ کی جائے

بقیہ 22

بیان میں کہا گیا ہے کہ عمران خان کے بال کو بھی نقصان ہوا تو ملک چلانے والے سن لیں آپ رہیں گے نا آپ کے بچے۔ عطا اللہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ اگر عمران خان کو کچھ ہوا تو میں خودکش حملہ کروں گا، اس طرح اور بھی ہزاروں خودکش حملہ آور تیار ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے بھی ایک بیان میں کہا تھا کہ اگر حکومت نے عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی پورے پاکستان سے سخت ردعمل آئے گا۔ دو روز قبل وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے ایک بیان میں کہا تھا کہ عدالتی ضمانت ختم ہوتے ہی ان کی سکیورٹی پر مامور اہلکار انہیں گرفتار کرلیں گے۔

بقیہ 23

ہوئی تو اندر دو خواتین کی لاشیں پڑی تھیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولہ فرزانہ کو گلے میں پھندا ڈال کر اور مقتولہ سمیرا کو چھری کے وار سے قتل کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق گھر کی تلاشی کے دوران باتھ روم میں پانی کے ٹب سے 6 ماہ کے بچے کی لاش بھی ملی جو مقتولہ سمیرا کا بیٹا تھا۔ آئی جی پنجاب نے آر پی او ساہیوال سے واقعے کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے ملزمان کو جلد ٹریس کر کے گرفتار کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 24

بناتے ہوئے کہا کہ کیا وزارت خارجہ بی جے پی کا حصہ بن چکی ہے؟ اگر خلیجی ممالک میں بھارتی شہریوں کے خلاف نفرت انگیز جرائم اور تشدد ہوتا ہے تو آپ کیا کریں گے؟

بقیہ 25

بلکہ پاکستان کو بچانے کے لئے جہاد کررہا ہوں۔ پاکستان کو دوبارہ کرپٹ عناصر کے حوالے کردیا گیا ہے۔ عوام میں اس بارے میں غصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے خود کو نیوٹرل کہہ رہے ہیں لیکن تاثر یہ ہے کہ وہ اس کرپٹ حکومت کے ساتھ ہیں۔ بیرونی سازش سے اقتدار میں آنے والی جماعتیں تباہ ہوں گی لیکن اس کا اثر اداروں پر بھی پڑے گا۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ میرے خیال ہے کہ یہ صورتحال زیادہ دیر تک نہیں چلے گی۔ موجودہ حکومت کا آئندہ انتخابات میں دھاندلی کا منصوبہ ہے یہ سسٹم کو دھاندلی زدہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ الیکشن جیت سکیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میں ملک میں تشدد اور عوامی املاک کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتا۔ موجودہ حکومت نے پنجاب میں جرائم میں ملوث افسروں کو اعلی عہدوں پر تعینات کردیا ہے۔ چاہتا ہوں کہ سپریم کورٹ واضح ہدایات دے جس کے بعد لانگ مارچ کی منصوبہ کی جائے گی۔ عمران خان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں موروثی سیاست کا خاتمہ ہوگا۔ پاکستان میں 60 سالوں میں سے 30 سال 2 خاندانوں نے حکومت کی۔

بقیہ 26

وزیر خارجہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میں بی جے پی رہنماؤں کی جانب سے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ سے متعلق نفرت انگیز اور توہین آمیز کلمات کی سخت مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکمران جماعت کے اہم عہدے داروں کے اس اسلام مخالف بیان سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے اور بی جے پی رہنما کا یہ بیان کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آچکا ہے کہ اقوام عالم ہندوستان میں اسلاموفوبیا سے متاثر ہندوتوا کو روکیں۔

بقیہ 27

زیادتی کا نشانہ بنایا، گوجر خان پولیس نے متاثرہ لڑکے کی مدعیت میں فوری طور پر مقدمہ درج کر کے ملزم فہد ربانی کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسیس کروایا جارہا ہے، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے کہا ہے کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، خواتین اور بچوں سے زیادتی کے سلسلہ میں زیرو ٹالیرنس پالیسی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 28

نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) کے اجلاس کیلئے متعلقہ امور کی نگرانی وزارت خارجہ کے سپرد کردی گئی ہے، جس کے بعد وزارت خارجہ نے اس حوالے سے محتاط حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سفارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ فیٹف کا 4 روزہ اجلاس 13 سے 17 جون تک برلن میں ہوگا، جس میں پاکستان سے متعلقہ امور 15 اور 16 جون کو پلینری سیشن میں زیرغور آئیں گے، اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کیلئے حنا ربانی کھر وفد کے ہمراہ برلن جائیں گی۔ ایف اے ٹی ایف کے آئندہ اجلاس سے پاکستان کیلئے اچھی خبر سامنے آنے کا امکان ہے، پاکستان نے گرے لسٹ سے وائٹ لسٹ میں واپسی کے تمام اہداف پورے کرلیے ہیں۔

بقیہ 29

کے لیے غیر معیاری اور غیر محفوظ قرار دیتے ہوئے ان کی رجسٹریشن منسوخ کردی ہے، ان میں جسم میں دردوں کی دوا ڈکلوفینک پوٹاشیم 75 ملی گرام، 100 ملی گرام، السر کے علاج کی دوا فیموٹیڈین شربت سسپینشن 10 ایم جی اور 20 ایم جی ہر پانچ ایم ایل میں، شامل ہیں، پیراسٹامول، تھیوری ڈازاین، کیفین کمبینیشن کی دوا منسوخ ہونیوالی ادویات میں شامل ہیں۔ ان ادویات کی منسوخی کی منظوری ڈریپ کے ذیلی ادارے ڈرگ رجسٹریشن بورڈ نے دی ہے، ماہرین نے ادویات کے مضر اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے پاکستان میں ایک سال کیلیے ان ادویات کی منسوخی کا حکم جاری کیا ہے۔

بقیہ 30

خسارہ 3700 ارب 70 کروڑ روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اگلے مالی سال کے لیے پرائمری خسارہ جی ڈی پی کا 0.5 فیصد رکھنے کی تجویز ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق اگلے مالی سال کیلیے مالی خسارہ جی ڈی پی کا 4.7 فیصد رکھنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 31

سپر پاور کو لکارنے والا راہداری ضمانت کے لیے پشاور میں چھپا بیٹھا ہے، ظلم کو سہنا ہوتو آپ کو نواز شریف جیسا جگر چاہیے۔ نائب صدر مسلم لیگ (ن) نے کہا جو شخص چار سال حکومت کر کے گیا ہے وہ کارکردگی بتانے کے لیے پرچی پڑھ رہا تھا، اس شخص کو تو پرچی بھی پڑھنی نہیں آرہی تھی جس نے کوئی کام نہیں کیا وہ کیا پڑھ پائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے مسلم لیگ (ن) جب بھی اقتدار میں آتی ہے اسے تباہ شدہ پاکستان ملتا ہے اور خوش قسمتی یہ ہے کہ نواز شریف اور شہباز شریف نے ہمیشہ پاکستان کو مشکلات سے نکال کر کامیابی کی جانب گامزن کیا۔ مریم نواز نے کہا کہ پاکستان کی خدمت کسی جماعت کے حصے میں آئی ہے وہ مسلم لیگ (ن) ہے، اس لیے آج کے بعد ہمارا نعرہ ہے کہ کیا ہے اور کر کے دکھائیں گے۔ نائب صدر مسلم لیگ (ن) نے کہاں لیگ کو اب اپنی سیاست کی فکر نہیں ہے، اب اس ریاست کی فکر ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ ہم ایک مرتبہ پھر لوڈشیڈنگ اور دہشت گردی ختم کرنے آئیں ہیں، عمران خان کے دور حکومت میں وہ بجلی پتا نہیں کہاں گئی جو نواز شریف نے بنائی تھی۔

بقیہ 32

جبکہ جمعہ کو آدھا دن چھٹی دی جائے، ہفتے میں 4 سے 5 دن کام ہو، کام کے دنوں میں ایک گھنٹہ دفاتر کا دورانیہ بڑھا دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے سڑکوں پر ٹریفک کم ہوگی، تیل اور بجلی کی بچت ہوگی، کفایت شعاری کے کلچر کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 33

بچوں کو گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے سے باز رکھیں۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پی اسلام آباد ڈاکٹر ناصر اکبر خان کی خصوصی ہدایت پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور ہرممکن سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اسلام آباد ٹریفک پولیس کی طرف قانون شکنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کر دی گئی ہیں ٹریفک پولیس کی طرف سے کم عمر ڈرائیورز اور ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری ہے، اس سلسلے میں ایس ایس پی ٹریفک نے ایس پی ٹریفک چوہدری عابد حسین اور تمام زونز کے ڈی ایس پیز کو خصوصی ہدایات جاری کی ہیں اور سپیشل سکواڈ تشکیل دیئے ہیں جو اسلام آباد کے مختلف اہم شاہراہوں اور چوکوں میں سپیشل ناکہ جات لگا کر کم عمر ڈرائیورز اور ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کر رہے ہیں۔ ایس ایس پی ٹریفک سید مصطفی تنویر نے والدین سے اپیل کی ہے کہ والدین اپنی ذمہ داری پوری کریں اور کم عمر بچوں کو گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے سے باز رکھیں، ایس ایس پی ٹریفک نے مزید کہا ہے کہ اس کارروائی کا مقصد قیمتی جانوں کا تحفظ ہے۔

بقیہ 34

جسٹس شاہد کریم نے درخواست گزار کو وزیر اعظم کا نام فریق کے طور پر واپس لینے کی ہدایت کی۔ جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی درخواست پر سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے دلائل دیے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کا کوئی میکنزم موجود ہی نہیں ہے۔ اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات پر سیلز ٹیکس کا معاملہ 2 رکنی بنچ کے پاس ہے، یہ سراسر مفاد عامہ کا معاملہ ہے۔ عدالت آئینی طور پر اس کا جائزہ لے۔ اوگرا کو میکنزم کیبغیر قیمتوں میں ردو بدل کا کوئی اختیار نہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ عدالت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر قانونی اضافہ واپس لینے کا حکم جاری کرے۔ علاوہ ازیں لاہور ہائی کورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف دیگر درخواستیں مسترد کردیں۔ عدالت نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں طے کرنا حکومت کا کام ہے۔ عدالت نے غیر ضروری درخواست دائر کرنے پر متعلقہ وکیل سے اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ کیا میں یہ فیصلہ کروں کہ پٹرول کی قیمت کیا ہونی چاہیے؟ جسٹس شاہد کریم نے سماعت کے دوران ایڈووکیٹ احمد مسعود گجر سمیت دیگر کی درخواستیں ناقابل سماعت قرار دے کر مسترد کردیں۔

بقیہ 35

دورہ کریں گی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دورے کے دوران دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ وفود کی سطح پر دوطرفہ امور پر بات چیت کریں گے اور علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ جرمنی کی وزیر برائے خارجہ امور کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ جرمن وزیر خارجہ پاکستان کے دورے کے دوران وزیراعظم سے بھی ملاقات کریں گی۔

بقیہ 36

کے وکیل نے میڈیا سے گفتگو کی دعا زہرا کے والد نے شکوہ کیا کہ پولیس نے تعاون نہیں کیا، بچی سے ایک سیکنڈ کیلئے بھی بات کی مہلت نہیں دی گئی لیکن جب میڈیکل رپورٹ آئے گی تو دعا کی عمر چودہ سال ثابت ہوجائے گی۔ وکیل نے کہا کہ 2 ماہ تک دعا زہرا ان کے پاس تھی، ہمیں لگ رہا ہے کہ دعا زہرا ذہنی طور پر تھکاوٹ کا شکار ہے، وہ سندھ سے گئی ہے، مقدمہ یہاں درج ہوا تو قانون بھی یہاں کا ہی لاگو ہوگا۔ دعا زہرہ کے والد کے وکیل کا کہنا تھا کہ پنجاب میں 16 سال تک کی عمر میں نکاح ہوسکتا ہے لیکن سندھ میں 18 سال تک کی عمر میں نکاح کا قانون ہے، سندھ کے قانون کی لاقانونیت کی گئی ہے، تاہم میڈیکل آنے کے بعد صحیح عمر کا معلوم ہو جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ ان کے پیچھے چھپے گینگ والے بھی ظاہر ہو جائیں گے، ثبوت کو دیکھتے ہوئے عدالت فیصلہ کرے گی۔ وکیل نے واضح کہا کہ دعا زہرا ابھی کم عمر اور نابالغ ہے، حتمی فیصلہ میڈیکل رپورٹ آنے کے بعد ہوگا، ہم نمرہ کاظمی جیسی رپورٹ تسلیم نہیں کریں گے۔ عدالت کی ہدایت پر بچی کے میڈیکل کے بعد 8 تاریخ کو پیش کیا جائے گا اور اگلی پیشی تک دعا زہرہ کو دارالامان میں رکھا جائے گا جبکہ دعا کے شوہر ظہیر کو 8 تاریخ تک ریمانڈ پر رکھا جائے گا۔

بقیہ 37

امت مسلمہ کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ بھارتی ناظم الامور کو بتایا گیا کہ توہین آمیز بیانات سے نہ صرف پاکستانی عوام بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو شدید ٹھیس پہنچی ہے۔ بھارتی حکومت ان رہنماؤں کے خلاف فیصلہ کن اور قابل عمل کارروائی کرے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے مزید کہا کہ بھارت میں مسلمانوں کے خلاف فرقہ وارانہ تشدد اور نفرت میں خطرناک حد تک اضافے پر تشویش ہے۔ مسلمانوں کے خلاف جذبات بھڑکانا ان کو صدیوں پرانی عبادت گاہوں سے محروم کرنے کی کوشش ہے۔ بھارت اقلیتوں کے خلاف انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں روکنے کے لئے فوری اقدامات کرے۔ پاکستان نے اقوام متحدہ، او آئی سی اور عالمی برادری سے بھارت میں خطرناک حد تک بڑھتے ہوئے ہندوتوا اور اسلاموفوبیا کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 38

برائے احتساب مرزا شہزاد اکبر اپنے عہدے سے معزولی کے بعد فوراً ہی بیرون ملک چلے گئے تھے، تازہ ترین ایک سرکاری رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ مرزا شہزاد اکبر نے احتساب کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر اپنا ایک گروہ بنا کر اربوں روپے کی جائیدادیں بنائیں۔ شہزاد اکبر نے چوہدری عبدالمجید کو فرح، احسن جمیل گجر، عثمان بزدار اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے بھائی احسن جعفر بزدار کے ذریعے اپنے نیٹ ورک کا حصہ بنایا۔ مرزا شہزاد اکبر نے 24 جنوری 2022 کو استعفیٰ دیدیا تھا اور سابق وزیر اعظم عمران خان نے انہیں مسلم لیگ (ن) کا کڑا احتساب کرنے کے لئے اپنا معاون خصوصی برائے احتساب مقرر کیا تھا مگر موصوف سرکاری وسائل اور سرکاری افسران کا بے دریغ استعمال کرتے ہوئے اپنی آنے والی کئی نسلوں کے لئے پیسہ اکٹھا کیا اور منظر سے غائب ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق بطور ایف آئی اے سربراہ شہزاد اکبر نے اعلی حکومتی اہلکاروں اور چند ایک کاروباری شخصیات پر مشتمل اپنا بھتہ خور نیٹ ورک تشکیل دے رکھا تھا، جو کہ بیرون ملک سکینڈلز میں ملوث لوگوں کو پھنسانے کیلئے استعمال ہوتا تھا۔

بقیہ 39

اور بلوچستان کے مشرقی علاقوں میں درجہ حرارت میں نمایاں اضافے کی وجہ سے ہیٹ ویو کی صورتحال برقرار رہنے کا اندیشہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ دوپہر یا شام میں طوفان اور گرد آلود ہواؤں کے بعد درجہ حرارت میں زیادہ اضافہ کا امکان ہے جس کے نتیجے میں ہفتہ بھر جاری رہنے والی ہیٹ ویو آبی ذخائر، کھڑی فصلوں اور پودوں پر پانی کے لیے پانی کے دباؤ کا باعث بن سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے پیش نظر نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ شدید گرمی کی لہر کے اثرات کو کم کرنے کے اقدامات کے لیے متعلقہ محکموں سے تعاون کریں۔ عوام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سورج کی روشنی میں غیر ضروری باہر نکلنے سے گریز کریں۔ ماہرین صحت نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی حفاظت کے لیے خصوصی احتیاطی تدابیر اپنائیں اور خاص طور پر بچوں کو موجودہ درجہ حرارت میں گرمی سے متعلق بیماریوں سے بچائیں۔ ماہرین کے مطابق والدین اور اساتذہ کو انتہائی گرم موسم سے منسلک خطرات سے بچنے کے لیے تیاری اور انتظامات کرنے چاہئیں کیونکہ بچے اور نوجوان گرمی کی لہر کا زیادہ شکار ہوتے ہیں۔ ملک میں جاری موجودہ ہیٹ ویو کے پیش نظر صحت کے قومی ادارے نے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 40

درمیان پلاٹ کا تنازع چلا آرہا تھا۔ گزشتہ روز دونوں گروپوں کے درمیان اسی تنازعہ پر لڑائی شروع ہوگئی جو بڑھتے ہوئے فائرنگ تک پہنچ گئی۔ لڑائی کے نتیجہ میں ایک شخص محمد نذیر جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں محمد عمر، طیب، محمد شریف اور ایک خاتون پروین اختر زخمی ہوگئے جنہیں ریسکیو 1122 نے موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور شدید زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا۔

بقیہ 41

کے مطابق مسلح افواج نے حضور کی شان اقدس میں گستاخی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ افسوسناک عمل مسلمانوں کیخلاف شدید نفرت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مسلح افواج نے بھارتی حکام کی جانب سے گستاخانہ بیان کی سخت مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں مسلمانوں اور اقلیتوں کیخلاف نفرت انگیز سلوک رواں رکھا جارہا ہے۔

بقیہ 42

حقوق کی تنظیمیں اس کا نوٹس لیں۔ پیر کو یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مودی حکومت حساس مذہبی معاملات پر لوگوں میں نفرت پھیلا رہی ہے، عالمی برادری کاروداری کا معیار باقی ممالک کے لئے الگ اور مودی کے لئے الگ نہیں ہوسکتا، بھارتی انتہاپسندی دنیا کے لئے خطرہ بن چکی ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ بی جے پی رہنماؤں کی صرف رکنیت معطل کرنا کافی نہیں، مودی سرکار کو دنیا کے تمام مسلمانوں سے باضابطہ معافی مانگنی چاہیے۔

بقیہ 43

گاہ پر خصوصی ملاقات کی ۔ وزیر اعظم پاکستان نے انہیں پاکستان میں خوش آمدید کہا اور بتایا کہ گرچہ پاکستان اقتصادی مشکلات میں گھرا ہوا ہے اور وہ دن رات ایک کر کے پاکستان کو عظیم ملک بنانے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں، اتحادی جماعتیں انکے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک دفعہ پھر پاکستان میں توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلئے کوشاں ہیں اور وہ لوڈ شیڈنگ میں کمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں اور پاکستان سے لوڈ شیڈنگ کو ختم کر کے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انکے قائد مسلم لیگ ن وزیر اعظم نواز شریف صاحب پہلے بھی لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ جنرل الیکشن تک کافی چیزیں کلیئر ہوجائیں گی اور تحریک انصاف کی غیر تسلی بخش کارکردگی کی بنا پر صفایا ہوجائیگا۔ وزیر اعظم پاکستان نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز ہمارے بیرون ملک سفیر ہیں اور انکی فلاح و بہبود ہماری گورنمنٹ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ بیرسٹر امجد ملک نے اس موقعہ پر میاں شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مجھے خادم پاکستان وزیر اعظم شہباز شریف صاحب کی صلاحیتوں پر پورا اعتماد ہے۔ وہ انشاء اللہ پاکستان کو اتحادیوں کیساتھ ملکر اپنے تجربے صلاحیتوں اور قائد کے وژن کے مطابق پاکستان کو مشکلات سے نکال لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میثاق معیشت پاکستان کی اقتصادی بقاء کیلئے بہت ضروری ہے اور ملک کی خاطر اٹھائے گئے مشکل فیصلوں میں، ہم وزیر اعظم اور ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔ عوام کی حالت زار میں انفرادی و اجتماعی بہتری کے لئے قومی کفایت شعاری مہم کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ ملکر جدوجہد کر کے ہی کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 44

ذرائع کے مطابق کئی اراکین نے کہا کہ وہ کون تھا جس نے وزیر اعظم کے انتخاب کے موقع پرووٹنگ سے بائیکاٹ کا مشورہ دیا؟ وہ کون تھا جس نے قومی اسمبلی سے استعفوں کی تجویز دے کر فیصلہ کروایا؟ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے اراکین قومی اسمبلی نے سوالات اٹھانا شروع کر دیئے، ارکان قومی اسمبلی نے استعفوں سے متعلق پارٹی کے فیصلے پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے اکثریتی ارکان قومی اسمبلی میں واپسی کے خواہشمند ہیں ۔ پی ٹی آئی ارکان نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعظم انتخاب کے لیے ووٹنگ کے بائیکاٹ اور قومی اسمبلی سے استعفوں کی تجویز دینے والی شخصیت کو سامنے لایا جائے۔ ذرائع کے مطابق وہ کون تھا جس نے پارٹی کو غلط مشورہ دے کر سیاسی ساکھ کو نقصان پہنچایا، ہمیں قومی اسمبلی میں واپس جا کر حکومت کو ٹف ٹائم دینا چاہیے۔ ذرائع کے مطابق ووٹنگ کے بائیکاٹ کا مشورہ دینے والے سے متعلق عامر ڈوگر بھی لاعلم نکلے۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ بائیکاٹ نہ کیا جاتا تو راجہ ریاض اور دیگر منحرف ارکان ڈی سیٹ ہو چکے ہوتے۔ ذرائع کے مطابق اکثریتی ارکان نے رائے دی کہ ہم نے قومی اسمبلی کا محاذ چھوڑ کر غلطی کی، اکثریتی ارکان کی رائے۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے ارکان نے پارلیمانی پارٹی اجلاس بلانے کی دہائی دی اور کہا کہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس بلا کر سب کو موقف پیش کرنے کا موقع دیا جائے۔ پی ٹی آئی اراکین نے کہا کہ سیاسی خودکشی کی گئی، آئندہ الیکشن میں کون ووٹ دے گا، پی ٹی آئی کے متعدد ارکان قومی اسمبلی میں واپس جانے کیلئے پر تولنے لگے۔

بقیہ 45

ہے اور سندھ حکومت نے ایم کیو ایم کا بڑا مطالبہ مان لیا ہے، جس کے مطابق آئندہ مالی سال کے لیے سندھ کے بجٹ میں ایم کیو ایم کے اراکین اسمبلی کی ترقیاتی اسکیموں کو بھی شامل کیا جائیگا۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا ہے کہ سندھ حکومت بجٹ میں ایم کیو ایم کی تجویز پر اسکیمز شامل کرے گی اور ایم کیو ایم ارکان اسمبلی کو ڈویلپمنٹ کمیٹی میں شامل کیا جائے گا۔ سندھ کا بجٹ 14 جون کو پیش کیا جائیگا اور ایم کیو ایم رہنماں نے بجٹ تجاویز دیے جانے کی تصدیق کی ہے۔ واضح رہے کہ سندھ اسمبلی میں ایم کیو ایم کے اراکین کی تعداد 21 ہے اور متحدہ کے اراکین اسمبلی کراچی اور حیدرآباد کے لیے ترقیاتی اسکیمز جمع کرائیں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ایم کیو ایم پاکستان نے پیپلز پارٹی سے نئے مطالبات کر دیے تھے اور کراچی و حیدرآباد کے میئر کے ساتھ کراچی کے تین اضلاع سینٹرل، ویسٹ اور ایسٹ کی ایڈمنسٹریٹر شپ بھی مانگ لی ہے۔ اس حوالے سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو سے وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ اور وزراء نے ملاقات کی ہے، جس میں ایم کیو ایم کو بلدیاتی اداروں میں حصہ دینے سے متعلق گفتگو ہوئی۔

بقیہ 46

ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ عمران خان بجٹ کے بعد حکومت کیخلاف اگلی حکمت عملی کا اعلان کریں گے۔ شیخ رشید نے کہا کہ ملک میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، باپ اور بیٹا وفاق اور ایک صوبے پر قابض ہوچکے ہیں۔ سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کو گرے لسٹ سے نکالنے کے لیے ساری محنت ہماری تھی۔ اس سے قبل لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کی ضمانت قبل از گرفتاری ایک لاکھ روپے مچلکے کے عوض منظور کرلی۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ میں شیخ رشید کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں سابق وزیر داخلہ پیش ہوئے۔ خیال رہے کہ شیخ رشید کے خلاف مختلف شہروں میں توہین مذہب کے 17 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 47

جواب دیا گیا کہ میں نے کچھ نہیں لکھوایا تھا اور نہ ہی کچھ لیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر ایک صارف نے ریحام خان سے سوال پوچھا کہ 'عمران خان نے آپ کے حق مہر میں کیا لکھوایا تھا؟ اور وہ دیا بھی یا نہیں؟'۔ ریحام خان نے صارف کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں نے کچھ نہیں لکھوایا تھا اور نہ ہی کچھ لیا۔ خیال رہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان نے جنوری 2015 میں ریحام خان سے شادی کی تھی تاہم دونوں کی شادی کی چہ مگوئیاں اکتوبر 2014 سے ہی جاری تھیں۔ عمران خان اور ریحام خان کی شادی چند ماہ ہی رہی، عمران خان نے ریحام خان کو 30 اکتوبر 2015 میں طلاق دینے کی تصدیق کی تھی۔

بقیہ 48

سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بڑھانے کی تجاویز آئی ایم ایف کے سامنے رکھے گی۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ سرکاری ملازمین کی بنیادی تنخواہ میں اضافے کی بجائے ایڈہاک الاؤنس دینا چاہتی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق ایڈہاک الاؤنس دینے کے لئے بھی آئی ایم ایف کی رضامندی ضروری ہے، آئی ایم ایف کی منظور کردہ تجاویز ہی بجٹ کا حصہ ہوں گی۔

بقیہ 49

درخواستوں کو ٹرانسفر کرنے کے حوالے کوئی آرڈر موجود نہیں ہے۔ جسٹس شجاعت علی خان نے تحریک انصاف، پرویز الٰہی، منیر احمد سمیت دیگر کی درخواستیں واپس چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بھجوادیں۔ درخواستوں میں وزیر اعلی حمزہ شہباز کے الیکشن کو چیلنج کیا گیا تھا۔

بقیہ 50

دوران ٹاؤٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے آٹھ افراد کو گرفتار کر کے پولیس اسٹیشن منتقل کر دیا گیا، ایسے افراد کے خلاف کارروائی کی گئی جو ایکسائز آفس آنے والے سائلین کو ناجائز لوگوں کو تنگ کرتے اور پیسے بٹورتے ہیں، ایسے عناصر کے خلاف اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں مزید بہتری کے لئے مستقل طور پر انسپکشن کی جاتی رہے گی، گرفتار افراد میں امتیاز علی شاہ، ریاض حسین، عنصر احمد، افضل جبار، محمد راشد، محمد فیضان، سجاد احمد، نور خان شامل ہیں۔

بقیہ 51

کے 11 اپریل 2022 کو جمہوری طریقے سے اقتدار سنبھالنے کے ساتھ ہی ملک بھر کے پہاڑوں کے ساتھ ساتھ کراچی لاہور اور دوسرے شہروں کی عمارات اور کمرشل پلازوں میں آگ لگنے کے یکے بعد دیگرے واقعات ہونے لگے ہیں۔ ہفتہ کو مال روڈ لاہور کے شاپنگ پلازہ میں آگ لگی اس سے پہلے کراچی کی 15 منزلہ کمرشل اور رہائشی عمارت مسلسل تین دن جلتی رہی۔ بلوچستان میں چلغوزے اور زیتون کے جنگلات کئی ہفتے جلتے رہے۔ ہفتہ کو خیبر پختونخوا کے پہاڑوں پر آگ بھڑک اٹھی جس سے پہاڑوں پر رہائش رکھنے والی متعدد خواتین اور بچے جان کھو بیٹھے۔ اس سے پہلے مری کوٹلی ستیاں مارگلہ کی پہاڑیوں پر آگ لگنے یا لگائے جانے کے واقعات ہوتے رہے ہیں۔ جڑواں شہریوں کے بااثر لوگوں تک نے وزیر اعظم شہباز شریف پاکستان کے مقتدر حلقوں اور انکے انٹیلی جنس اداروں کی توجہ اس طرف مبذول کراتے ہوئے اپیل کی ہے کہ دو مہینے کے اندر پاکستان کے قیمتی جنگلات اربوں روپے مالیتی کاروباری مراکز وغیرہ کو کون جلا رہا ہے؟ کیا یہ ہمارے ازلی و ابدی دشمن کے تنخواہ دار ایجنٹ اور انکے سہولت کار ہیں جو پاکستان کی تباہی کے درپے ہیں؟ اگر جنگلات میں آگ سخت گرمی کی وجہ سے لگ رہی ہے تو پھر بلوچستان خیبر پختونخوا اور پنجاب کی حکومتوں کو پہاڑی علاقوں کے جنگلات کو آئندہ ہفتے محفوظ رکھنے کیلئے ہنگامی حفاظتی اقدامات کرنا ہونگے کیونکہ ہفتہ 4 جون کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 42 سینٹی گریڈ رہا اتوار کو 43 رہا جبکہ پیر کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں درجہ حرارت 43 سینٹی گریڈ رہنے کی پیشینگوئی کی گئی ہے۔

بقیہ 52

لکھائی اور لکھنے سے متعلق امور کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ صدیوں سے مسلمانوں کی توجہ کا اہم مرکز کلام اللہ ہے۔ یہ قرآن کا اعجاز ہے کہ مسلمان اسلامی خطاطی جیسے پاکیزہ فن سے روشناس ہوئے، ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر برائے سیفران سینیٹر محمد طلحہ محمود نے پنجاب آرٹس کونسل میں اسلامی خطاطی کی نمائش کے موقع پر کیا۔ سینیٹر محمد طلحہ محمود نے مزید کہا ہے کہ آج کا نوجوان خوب صورت فکر اور نئی سوچ کے ساتھ مصوری کے شعبہ میں قدم رکھ رہا ہے قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے سے انسان دنیا و آخرت میں ذہنی و قلبی سکون پاتا ہے، اس کے بغیر انسانی حیات اپنی معراج کو نہیں پہنچ سکتی، پنجاب آرٹس کونسل کا خطاطی کے فن کو فروغ دینا قابل ستائش ہے، عمارہ افشین کا کام دیکھ کر یقین سے کہ سکتا ہوں کہ پاکستان میں اسلامی خطاطی کا روشن مستقبل ہے۔ ناہید منظور نے کہا ہے کہ عمارہ افشین کے ہاتھ سے لکھے ہوئے 2 قران پاک کے نسخے حرم پاک میں رکھے گئے ہیں اور وہ تیسرا قران پاک لکھ رہی ہیں، قران پاک لکھنا پڑھنا اور سننا مسلمانوں کے لیے باعث فخر ہے، اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کے تمام مسائل کا حل کتاب اللہ میں پنہاں کر رکھا ہے، جس سے صرف غور وفکر اور قران پاک پڑھنے والے لوگ ہی استفادہ کر سکتے ہیں۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد نے کہا ہے کہ عمارہ افشین نے قران پاک کی آیات کو کسی خوبصورت سے کینوس پر اُتارا ہے، یہ بے شک میرے مالک کی عطا ہے، حکومت پاکستان بھی ملک فنون لطیفہ کے فروغ کے لیے کوشاں ہے، نمائش میں عمارہ افشین کے 50 سے زائد خطاطیاں رکھی گئیں، نمائش عوام کے لیے 8 جون تک جاری رہے گی۔

بقیہ 53

قیمت کی وصولی کو یقینی بنایا جاسکے اور گیس کے شعبے کا گردشی قرضہ ختم کیا جاسکے۔ رپورٹ کے مطابق اگر وفاقی حکومت گیس کی آمدنی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ریگولیٹر کے مشورے کو قبول کرتی ہے تو اوگرا کے دو الگ الگ طریقوں سے کیے گئے تعین کے مطابق گھریلو اور خصوصی کمرشل سیکٹر جیسے تندور وغیرہ کے کم استعمال والے زمروں کے صارفین کے لیے نرخ جولائی میں 600 فیصد سے زیادہ بڑھ جائیں گے

بقیہ 54

ضروری ہے کہ بلدیاتی انتخابات قانون میں ضروری ترامیم کے بعد منعقد ہوں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ ایڈووکیٹ جنرل سندھ کے توسط سے معزز عدالت کو سلیکٹ کمیٹی کی رائے سے آگاہ کیا جائے گا، واضح رہے کہ عدالت عظمی نے موجودہ بلدیاتی قانون کو آئین کے آرٹیکل اے کی روشنی میں بنانے کا حکم دیا تھا، اس سلسلے میں سندھ اسمبلی کے اسپیکر کی جانب سے فروری میں سندھ اسمبلی میں موجود تمام پارلیمانی جماعتوں کے اراکین پر مبنی 23 رکنی سلیکٹ کمیٹی تشکیل دی تھی جسے ایک ہفتے میں بلدیاتی قانون میں ضروری تبدیلیاں تجویز کرنے کا کہا گیا تھا لیکن 3 مہینے گزرنے کے باوجود سلیکٹ کمیٹی کے ارکان میں ترامیم پر اتفاق نہ ہوسکا۔ سلیکٹ کمیٹی کے منعقدہ اجلاسوں میں ایم کیو ایم، پیپلز پارٹی، تحریک انصاف، جماعت اسلامی اور تحریک لبیک پاکستان کے نمائندوں نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا، سلیکٹ کمیٹی کے گذشتہ اجلاس کے منٹس کے مطابق پیپلز پارٹی کے رکن محمد قاسم سومرو نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم اور تحریک انصاف نے مختلف طرز کی مقامی حکومتیں تجویز کی ہیں جبکہ حکومت سندھ کی الگ سوچ ہے، ایم کیو ایم نے تقریباً وہی نظام تجویز کیا ہے جو سٹی گورنمنٹ، تعلقہ اور یونین کونسل ناظمین پر مشتمل ہو،

بقیہ 55

الیکشن ترمیمی بل اور قومی احتساب بیورو ترمیمی بل منظوری کیلئے پیش کرے گی۔

ضروری مرمت کے باعث 7جون کو عارضی بجلی بند رہے گی

وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے، ترجمان اسلام آباد الیکٹرک سلائی کمپنی (آئیسکو)

اسلام آباد (چیف رپورٹر) الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 07 جون، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تکنیو ریس کورس، نیو کلیام، اولڈ کلیام، ایچ پی ٹی تھری، انڈسٹریل، گولڑہ، ٹمس کالونی، قائداعظم، سی ڈبلیو او، پی اینڈ ٹی وائی، ای ایم ای کمپلیکس، اظہر عباس، جھنگی، زرکون، نیو 1&2، میجر ریاض، لالہ زار، جھاورہ، منڈی بھلوال فیڈرز، صبح 07:30 بجے تا (بقیہ نمبر 1)

لانگ رینج میزائلوں کا سخت جواب دیا جائیگا، روسی صدر

مغرب نے یوکرائن کو میزائل فراہم کر بھی دیے تو اس سے جنگ پر کوئی فرق نہیں پڑیگا

ماسکو (این این آئی) روسی صدر نے مغربی ممالک کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یوکرین کو لانگ رینج میزائل فراہم کیے گئے تو اس کا سخت جواب دیا جائے گا۔ پھر ان اہداف کو بھی نشانہ بنایا جائے، جنہیں ابھی تک نہیں بنایا گیا۔ میڈیا رپورٹس کیمطابق روسی صدر ولادیمیر پوٹن نے مغربی ملکوں کو خبردار کیا کہ اگر امریکہ نے یوکرین کو دور تک مار کرنیوالے (بقیہ نمبر 2)

لاہور؛ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ لاہور محمد حنیف گل ریلوے اسٹیشن ننکانہ صاحب کا دورہ کررہے ہیں

کینیڈا میں اسلاموفوبیا کی کوئی گنجائش نہیں، وزیراعظم جسٹن ٹروڈو

مذہبی منافرت کے خاتمے کیلیے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں، کینیڈین وزیراعظم

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا ہے کہ کینیڈا میں اسلاموفوبیا کی کوئی گنجائش نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈا کے وزیراعظم نے اونٹاریو میں گزشتہ برس حملے میں جاں بحق ہونے والے ایک ہی خاندان کے چار مسلمان افراد (بقیہ نمبر 3)

خواتین عازمین حج کے محرم سے متعلق نئی شرط عائد کردی گئیں

خواتین عازمین حج ادا نہیں کرسکیں گی، جس نے گزشتہ 5 برس کے دوران حج ادا کیا ہو

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت حج وعمرہ نے رواں برس خواتین عازمین حج کے لیے نئی شرط عائد کردی، میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ خواتین عازمین ایسے محرم کے ساتھ فریضہ حج ادا نہیں کرسکیں گی، جس نے گزشتہ 5 برس کے دوران حج ادا کیا ہو۔ یہ بیان دنیا بھر سے عازمین کی جانب سے اس سلسلے میں وضاحت طلب کیے جانے پر جاری کیا گیا کہ خواتین گزشتہ برسوں میں حج کرنیوالے شخص کو بطور محرم لے جاسکتی ہیں یا نہیں۔ یاد رہے کہ سعودی حکومت نے رواں برس داخلی عازمین حج کے لیے درخواستیں دینے کی تاریخ 3 تا 11 جون مقرر کررکھی ہے۔ حکام کے مطابق خوش نصیبوں کا اعلان قرعہ اندازی کے ذریعے کیا جائے گا۔

وزیراعظم کا اقتصادی وژن متحرک معیشت کے ساتھ ایک خوشحال پاکستان ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم کا اقتصادی وژن متحرک معیشت کے ساتھ ایک خوشحال پاکستان ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ جہاں ترقی پائیدار اور جامع ہو، جہاں سب کے لئے روزگار اور کاروبار کے مواقع ہوں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ جہاں ہم غربت کا خاتمہ اور اپنے تمام شہریوں کو باوقار معیار زندگی فراہم کرسکیں۔

لاہور، سرکاری سکولوں کی خواتین ٹیچرز کو سکوٹی دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) سرکاری سکولوں کی خواتین ٹیچرز کو سکوٹی دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پنجاب حکومت سرکاری سکولوں میں خواتین اساتذہ کو سکوٹی دے گی۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پائلٹ پراجیکٹ کی اسکیم شامل کرنے کی سفارشات محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب اس پروگرام پر باقاعدہ کام کرے گا

ملک ریاض اوران کی بیٹی کی مبینہ آڈیو ٹیپ پر پی ٹی آئی کا ردِعمل سامنے آگیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما فرخ حبیب نے ملک ریاض اوران کی بیٹی کی منظر عام پر آنے والی آڈیو ٹیپ پر ردعمل دیتے ہوئے اسے مسترد کردیا ہے۔ اپنے بیان میں فرخ حبیب نے کہا کہ جس آڈیو کا حوالہ دیا جارہا ہے، اس کو مسترد کرتے ہیں، باپ بیٹی کی گفتگو کو پی ٹی آئی سے منسلک نہ کیا جائے، ہم اسے مسترد کرتے ہیں۔ فرخ حبیب نے کہا کہ منظر عام پر آنے والی آڈیو سے تحریک انصاف کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب حکومت کے ترجمان عطا تارڑ لاہور میں پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 4)

فیصل آباد؛ ایڈمن آفیسر / اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ریاض حسین انجم میگا مارٹس کے ڈی سی کاؤنٹرز پر اشیاء کی دستیابی ومعیار اور قیمتیں چیک کررہے ہیں

توہین رسالت ﷺ پر مبنی بیان کی شدید مذمت

بی جے پی رہنما فوری طور پر تمام مسلمانوں سے معافی مانگیں، میرزا محمد آفریدی

ضلع خیبر (رپورٹ اکبر آفریدی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ حاجی میرزا محمد آفریدی نے بھارت کی حکمران جماعت بی جے پی کی ترجمان کے توہین رسالت ﷺ پر مبنی بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ اس طرح کے بیانات تمام دنیا کے مسلمانوں کے لیے اضطراب اور دل آزاری کا سبب بنتے ہیں۔ مسلم کش اور فسطائی بھارتی حکومت کی وجہ سے بھارت میں مذہبی آزادی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ بی جے پی رہنماؤں کی پیارے نبی حضرت محمد ﷺ سے متعلق توہین آمیز کلمات کی شدید مذمت (بقیہ نمبر 5)

عوامی طاقت صرف عمران خان کے ساتھ ہے، عمران اسماعیل

سندھ کی عوام نے پی پی کے احتجاج میں شرکت نہ کرکے سیاسی شعور کا مظاہرہ کیا ہے

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ عوامی طاقت صرف عمران خان کے ساتھ ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں عمران اسماعیل نے کہا کہ سندھ کی عوام نے پی پی کے احتجاج میں شرکت نہ کرکے سیاسی شعور کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہاڑیاں دیکر لانگ مارچ کرنے والے (بقیہ نمبر 6)

بجلی کا ہزاروں روپے بل موصول ہونے پر محنت کش چل بسا

مرحوم باپ کے بیٹے زید کے مطابق میرے ابو کی موت کی وجہ بجلی کا بل بنی

مریدکے (این این آئی) آبادی کمبوہ کالونی ننگل ساہداں میں بجلی کا بل 82 یونٹ کا 41 ہزار 571 روپے موصول ہونے پر محنت کش چل بسا۔ مرحوم باپ کے بیٹے زید کے مطابق میرے ابو کی موت کی وجہ بجلی کا بل بنی کیونکہ میرے ابو بجلی کا زائد بل ملنے پر بہت پریشان تھے۔ دادا بشیر نے اپیل کی کہ وزیراعظم شہباز شریف ہماری مدد کریں، میرا بیٹا مقصود چھوٹی سی دکان چلا کر گھر کا چولہا جلاتا تھا۔ مقصود کے بھائی عابد کے مطابق بجلی والوں کے پاس گئے تو بل پورا جمع کرانے کا کہہ کر بھیج دیا، میرا بھائی تین مرلہ کے مکان میں رہائش پذیر تھا۔

واٹس ایپ نے اکاؤنٹ محفوظ کرنے کیلئے ایک اہم فیچر پیش کردیا

ہیکنگ سے محفوظ رکھنے کیلئے فون نمبر پر تصدیقی کوڈ کی طرح کا ایک فیچر متعارف کرایا جارہا ہے

سان فرانسسکو (این این آئی) واٹس ایپ نے فیصلہ کیا ہے کہ اکانٹ محفوظ کرنے کے لیے جلد یا بدیر جی میل کی طرح فون نمبر کا ڈبل ویری فکیشن نظام پیش کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واٹس ایپ اکاؤنٹ فراڈ اور ہیکنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے فون نمبر پر تصدیقی کوڈ کی طرح کا ایک فیچر جلد ہی سامنے آنے والا ہے۔ گزشتہ برس ہیکرز، فشرز اور دیگر مجرموں کی جانب سے لوگوں کے اکاؤنٹس پر نقب لگانے کے بعد واٹس ایپ کی مرکزی میٹا کمپنی نے یہ قدم اٹھایا ہے۔ اسکے تحت جب بھی آپ روایتی فون چھوڑ کر دوسرے فون پر واٹس ایپ کھولیں گے تو آپکے نمبر پر بھیجا گیا کوڈ درکار ہوگا۔ اس طرح واٹس ایپ اکاؤنٹ پر آپ کا کنٹرول بڑھ جائیگا

لاہور؛ ایپکا ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں مال روڈ پر احتجاج کررہے ہیں

بار بار حادثات کرنیوالے ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ کرنیکا فیصلہ

ٹریفک پولیس چالان کے ڈیٹا سے بڑھتے ٹریفک حادثات کی وجوہات کا پتا لگایا جائے گا

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ڈرائیونگ لائسنس سندھ عبدالغفور آفریدی نے کراچی ٹریفک پولیس سے چالان کا ڈیٹا طلب کرتے ہوئے بار بار حادثات کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ڈرائیونگ لائسنس سندھ نے کہا ہے کہ ٹریفک پولیس چالان کے ڈیٹا کے ذریعے بڑھتے ٹریفک حادثات کی وجوہات کا پتا لگا کر ایسے ڈرائیورز کی نشان دہی کی جائے گی جو بار بار ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پتا لگانا ہوگا کہ حادثات کا باعث بننے والے ڈرائیورز کو ڈرائیونگ آتی بھی ہے یا نہیں، ڈرائیورز کو ٹریفک کے ضوابط اور اصولوں کا شعور بھی ہے یا نہیں۔

بی جے پی رہنماؤں کے گستاخانہ بیانات پر شدید احتجاج اور بائیکاٹ مہم جاری

نئی دہلی، دوحا، ریاض، قاہرہ، دوبئی، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتیہ جنتا پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کی جانب سے پیغمبر اسلام کی شان اقدس میں گستاخی پر دنیا بھر کے مسلمان ممالک نے شدید غم وغصے کا اظہار کیا ہے اور ساتھ میں بھارتی مصنوعات کی بائیکاٹ مہم شروع کردی گئی ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کی مرکزی ترجمان نپور شرما کی جانب سے ایک ٹی وی پروگرام کے دوران اسلام اور نبی کریمؐ کے حوالے سے انتہائی توہین آمیز گفتگو کی گئی

دعا زہرا کا والدین سے ملنے سے انکار، عدالت کا عمر کے تعین کیلئے میڈیکل ٹیسٹ کرانے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں دعا زہرانے والدین سے ملنے سے انکار کردیا، عدالت نے دعا زہرا کی عمر کے تعین کیلئے میڈیکل ٹیسٹ کرانے کا حکم دیتے ہوئے شیلٹر ہوم بھیج دیا۔ پیر کو دعا زہرہ اور اس کے مبینہ شوہر ظہیر کو پولیس کی جانب سے سندھ ہائیکورٹ میں پیش کیا گیا، عدالت نے دعا زہرہ کی عمر کے تعین کے لیے دو روز میں اس کا میڈیکل ٹیسٹ کرانے کا حکم دے دیا۔

پی آئی اے کی برطانیہ اور یورپی ممالک کیلئے پروازوں کی پابندی کا معاملے پر اہم پیش رفت

کراچی (این این آئی) پی آئی اے کی برطانیہ اور یورپی ممالک کیلئے پروازوں کی پابندی کا معاملے پر اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جسکے تحت پی آئی اے کا آڈٹ کیا جائے گا۔

پیارے نبی ﷺ کی شان میں گستاخی کسی طور قبول نہیں کی جاسکتی، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے کنوینر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی جانب سے اقوام عالم سے بی جے پی رہنماؤں کے خلاف سخت ایکشن لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بی جے پی رہنماؤں کیجانب سے حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پیارے نبی ﷺ کی شان میں گستاخی کسی طور قبول نہیں کی جاسکتی۔ اس شرمناک عمل سے دنیا بھر میں مسلمانوں کے مذہبی جذبات شدید مجروح ہوئے ہیں۔

سٹی کورٹ میں وکلاء اور عدالتی ملازمین تنازعہ کے باعث سندھ بار کونسل کا جنرل باڈی اجلاس ہورہا ہے

بھارت سے سکھ یاتری (کل) پاکستان آئینگے

متروکہ وقف املاک بورڈ کے اعلی حکام اور مقامی سکھ رہنما مہمانوں کا استقبال کریں گے

لاہور (این این آئی) سکھ مذہب کے گورو ارجن دیو جی کے شہیدی دن (جوڑ میلہ) کی تقریبات میں شرکت کے لیے بھارت سے سینکڑوں سکھ یاتری (کل) بدھ کی صبح واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آئیں گے جہاں پر متروکہ وقف املاک بورڈ کے اعلی حکام اور مقامی سکھ رہنما مہمانوں کا استقبال کریں گے، بورڈ ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 7)

پاور سیکٹر کا گردشی قرض 2 ہزار 467 ارب روپے تک پہنچ گیا

(ن) لیگ کی حکومت کے ختم ہونے پر پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ ایک ہزار 126 ارب روپے تھا

لاہور (این این آئی) سابقہ دور حکومت میں پاور سیکٹر کا گردشی قرض 119 فیصد اضافے سے 2 ہزار 467 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق 2018 میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت ختم ہوئی تو پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ ایک ہزار 126 ارب روپے تھا۔ پی ٹی آئی کی حکومت تقریباً ساڑھے تین سال بعد ختم ہوئی تو گردشی قرضہ (بقیہ نمبر 8)

لاہور؛ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میں وکلاء عہدیداروں سے ملاقات کررہے ہیں

پنجاب بھر میں 993 ٹریفک حادثات میں 4 افراد جاں بحق 1075 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 993 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جس میں 04 افراد جاں بحق جبکہ 1075 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 438 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی (بقیہ نمبر 9)

جزلان قتل کیس کے مرکزی ملزم عرفان کو گرفتار کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) جزلان قتل کیس کے مرکزی ملزم عرفان کو گرفتار کرلیا گیا اور مفرور ملزمان کی گرفتاری کیلئے مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کیمطابق کراچی میں، ملیر انویسٹی گیشن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جزلان قتل کیس کے مرکزی ملزم عرفان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کیمطابق گرفتار ملزم عرفان قتل کیس میں نامزد تھا، تاہم کیس کے آخری مفرور کی گرفتاری کے لیے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

پیسی کیش بینفٹ موبائل اپلی کیشن پنجاب بھر میں کامیابی سے جاری

ورکرز کو مالی فوائد کی ادائیگی کیش بینفٹ موبائل اپلی کیشن کے ذریعے کی جارہی ہے، دانش افضال

لاہور (این این آئی) پنجاب سوشل سیکورٹی (پیسی) کی جانب سے کیش بینفٹ موبائل اپلی کیشن پنجاب بھر میں کامیابی سے جاری ہے۔ اپلی کیشن سے پیسی سے رجسٹر 12 لاکھ مزدور اور ان کے 68 لاکھ لواحقین مستفید ہورہے ہیں۔ کمشنر سوشل سیکورٹی دانش افضال نے اس حوالے سے بتایا کہ ورکرز کو 11 اقسام کے مالی فوائد کی ادائیگی کیش بینفٹ موبائل اپلی کیشن کے ذریعے کی جارہی ہے۔ کیش بینفٹ ایپ کے ذریعے ورکرز کو مالی مراعات کی مد میں 12 کروڑ سے زائد کی ادائیگیاں کی جاچکی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 10)

ڈی ایس لاہور ڈویژن کا ریلوے اسٹیشن ننکانہ صاحب کا دورہ

مسافروں کو دی جانے والی سہولیات کو مزید بہتر کیا جائے، محمد حنیف گل

لاہور (این این آئی) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ لاہور محمد حنیف گل نے ریلوے اسٹیشن ننکانہ صاحب کا دورہ کرکے مسافروں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل نے کہا کہ صفائی اور پانی کی دستیابی کے معاملے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈی ایس لاہور نے عمارت کا تمام پہلوؤں سے خصوصی معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو موقع پر ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے اسٹیشن پر صفائی اور ٹھنڈے پانی کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور مسافروں کو دی جانے والی سہولیات کو مزید بہتر کیا جائے۔

تحریک انصاف کا مبینہ امریکی مداخلت کے معاملے پر ایک بار پھر کمیشن بنانیکا مطالبہ

تین بار مداخلت کو تسلیم کیا گیا، کمیشن تحقیقات کرے سہولت کار کون تھا، بابر اعوان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے مبینہ امریکی مداخلت کے معاملے پر ایک بار پھر کمیشن بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تین بار مداخلت کو تسلیم کیا گیا، کمیشن تحقیقات کرے سہولت کار کون تھا، کسی صورت امپورٹڈ حکومت کو تسلیم نہیں کرینگے، ہم استعفے دے چکے ہیں، ہمارے ایم این ایز کو نوٹسز جاری کر دہ نوٹسز غیر آئینی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے کہا کہ پاکستان میں امپورٹڈ حکومت کو انسٹال کرنے کی سازش کے نتیجے میں پاکستان بین الاقوامی طور پہ تنہا ہوگیا،

لاہور؛ ایک محنت کش رومال فروخت کرنے کے لئے جارہا ہے

پنجاب حکومت نے 3 افسروں کے تقرر و تبادلوں کے احکامات کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 3 افسران کے تقرر وتبادلوں کے احکامات کردیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایس اینڈ جی اے ڈی میں تقرری کے منتظر افسران میں سے ڈاکٹر سیف اللہ کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈی جی خان اور قمر الزمان قیصرانی کی خدمات (بقیہ نمبر 12)

سرگودھا، ضلعی انتظامیہ کی سمگلنگ، مہنگے داموں فروخت کیلئے سٹاک پر کارروائی

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) سرگودھا میں ضلعی انتظامیہ نے کھاد کی سمگلنگ اور مہنگے داموں فروخت کے لئے اسٹاک پر کارروائی کرتے ہوئے گودام سے کھاد اور گندم کے 65 سو تھیلے اور ٹرالر سے 800 تھیلے یوریا کھاد برآمد کر کے گودام کو سیل اور ٹرالر (بقیہ نمبر 11)

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی تعیناتی کیخلاف درخواست پر ریکارڈ طلب

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد وحید نے عبداللہ ملک ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی تعیناتی کے خلاف درخواست پر سماعت 14 جون تک ملتوی کرتے ہوئے تعیناتی کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد وحید نے عبداللہ ملک ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ سارہ اسلم کو میرٹ کے برعکس 2019 (بقیہ نمبر 13)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

عمران خان الیکشن چاہتے ہیں تو پارلیمنٹ جائیں اور استعفے دیں

عمران خان، بشریٰ بی بی اور فرح گوگی گٹھ جوڑ نے پنجاب اور وفاق کی سطح پر اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا

ایف ایٹ سے ان کا انقلاب بھاگا، پھر ہیلی کاپٹر کے ذریعے دوبارہ بنی گالا پہنچ گیا ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان، بشریٰ بی بی اور فرح گوگی گٹھ جوڑ نے پنجاب اور وفاق کی سطح پر اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا، ملکی مفاد کی قیمت پانچ کیرٹ کی انگوٹھی لگائی، عمران خان الیکشن چاہتے ہیں تو پارلیمنٹ جائیں اور استعفے دیں، نیا الیکشن تو مانگ رہے ہیں، قومی اسمبلی سے استعفی نہیں دے رہے، ایف ایٹ سے (بقیہ نمبر 14)

پاکستان اپنے نیوکلیئر پروگرام پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریگا

ملکی نیوکلیئر صلاحیت مادر وطن کے دفاع اور سالمیت کی ضامن ہے، جنرل ندیم رضا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ندیم رضا نے کہا ہے کہ قومی اسٹریٹجک پروگرام پر بے بنیاد اور غیر ضروری تبصرے سے گریز کیا جائے، ملکی نیوکلیئر صلاحیت مادر وطن کے دفاع اور سالمیت کی ضامن ہے، ملکی نیوکلیئر (بقیہ نمبر 15)

نیر حسین بخاری کی بی جے پی رہنماؤں کے توہین آمیز بیانات کی مذمت

عشاقان رسول اللہؐ کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے والوں کو ہوش کی ناخن لینے چاہئیں

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیر حسین بخاری نے بی جے پی رہنماؤں کے توہین آمیز بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ برصغیر کے امن کیلئے موذی مرض نریندر مودی بی جے پی کو لگام دے۔ اپنے بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 16)

لاہور؛ ڈائریکٹر نیب لاہور نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے متاثرین میں چیک تقسیم کررہے ہیں

مسلمان ممالک کی طرف سے مودی سرکار کیخلاف سفارتی سطح پر احتجاج باعث اطمینان ہے، آصف زرداری

کراچی (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ مسلمان ممالک کی طرف سے مودی سرکار کے خلاف سفارتی سطح پر احتجاج باعث اطمینان ہے۔ بھارتی انتہا پسند کی طرف سے اشتعال انگیز بیان کی مذمت کرتے ہوئے آصف زرداری نے کہا کہ شدت پسند مودی کے پیروکار کی طرف سے مسلمانوں کی دل آزاری سیکولر بھارت کی نفی ہے۔

پاکستان میں جاپانی کمپنیوں کو درپیش تمام مسائل حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر پاکستان میں جاپانی کمپنیوں کو درپیش تمام مسائل حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کمیٹی قائم کردی گئی ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ جاپانی کمپنیوں کو درپیش تمام مسائل ایک ہفتے کے اندر حل کرکے رپورٹ پیش کی جائے، ایکسپورٹ پراسیسنگ زونز کو ٹیکس فری (بقیہ نمبر 20)

عالمی بینک مشن کا بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز کا دورہ

موجودہ حکومت کا مقصد موجودہ معاشی صورتحال میں غریبوں کی مدد کرنا ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) عالمی بینک مشن کا بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز کا دورہ انسانی سرمائے کی ترقی میں عالمی بینک کی معاونت کا کردار بہت اہم ہے، شازیہ مری حکومت کا مقصد موجودہ معاشی صورتحال میں غریبوں کی مدد کرنا ہے، شازیہ مری عالمی بینک کے عمل درآمد سپورٹ مشن برائے کرائسز ریزیلیینٹ سوشل پروٹیکشن پروگرام (CRISP) اور نیشنل سوشل پروٹیکشن پروگرام (NSSP)، نے امجد ظفر خان، سینئر سوشل پروٹیکشن اسپیشلسٹ/ ٹاسک ٹیم لیڈر کی قیادت میں، آج BISP ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا اور وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ، محترمہ شازیہ مری سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مشن کے رہنما امجد ظفر خان نے وفاقی وزیر کو مشن کے بنیادی مقاصد سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا بنیادی مقصد CRISP اور NSPP کے لیے گزشتہ مشترکہ عمل درآمد (بقیہ نمبر 17)

بھارتی خفیہ ایجنسی را کو معلومات کی فراہمی

عدالت نے ایم کیو ایم لندن کے 3 کارکنان کی ضمانت مسترد کردی

کراچی (این این آئی) بھارتی خفیہ ایجنسی را کو معلومات کی فراہمی کے کیس میں عدالت نے ایم کیو ایم لندن کے 3 کارکنان کی ضمانت مسترد کر دی۔ پیر کو انسداد دہشت گردی کی عدالت نے بھارتی ایجنسی را کو خفیہ معلومات دینے اور دہشت گردوں (بقیہ نمبر 18)

یاسین ملک نہیں نپور شرما دہشت گرد ہے، مشعال ملک

مشعال ملک نے نپور شرما کو گرفتار کرنے اور فسطائی آر ایس ایس کو سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) کشمیری حریت رہنما اور جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین محمد یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے بھارتی حکمران جماعت بی جے پی کی ترجمان نپور شرما کے گستاخانہ بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مشعال ملک نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ یاسین ملک دہشت گرد نہیں بلکہ نپور شرما دہشت گرد ہے۔

لاہور؛ گرمی کی شدید لہر کے باعث پرندے دھوپ سے بچنے کیلئے درختوں کے سائے تلے بیٹھے ہیں

امریکی صدر کا ایرانی تیل پر پابندیاں نرم کرنے کا عندیہ

کراچی (بیورو چیف) امریکی صدر نیا ایرانی تیل پر پابندیاں نرم کرنے کا عندیہ دیا ہے، تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 21)

عمران خان کو کچھ ہوا تو میں خودکش حملہ کروں گا، پی ٹی آئی رکن قومی اسمبلی کی دھمکی

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی عطا اللہ ایڈووکیٹ نے عمران خان کو کچھ ہونے اور نقصان پہنچنے کی صورت میں خود کش حملہ کرنے کی دھمکی دیدی۔ رکن قومی اسمبلی عطا اللہ ایڈووکیٹ کی جانب سے جاری ویڈیو (بقیہ نمبر 22)

ساہیوال: نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے 2 خواتین اور 6 ماہ کے بچے کی لاشیں برآمد

ساہیوال (بیورو چیف) تھانہ غلہ منڈی کے علاقے میں ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے گھر سے 2 خواتین اور 6 ماہ کے ایک بچے کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق گھر سے بدبو آنے پر ہمسائیوں نے پولیس کو اطلاع دی، پولیس گیٹ کا تالا توڑ کر گھر میں داخل (بقیہ نمبر 23)

بھارت جنونیوں کو اسلام کی توہین سے روکے طالبان

بھارتی حکومت اپنے رہنماؤں کو مسلمانوں کے جذبات مشتعل کرنے کی اجازت نہ دے، ذبیح اللہ مجاہد

بی جے پی کی ترجمان نوپور شرما نے ایک پروگرام میں اسلام اور نبی کریم ﷺ کے حوالے سے ہرزہ سرائی کی تھی

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان کی طالبان حکومت نے بھارت کی حکمران جماعت کی رہنما کی جانب سے نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کی شدید مذمت کی ہے۔ طالبان حکومت کے ترجمان اور نائب وزیر اطلاعات ذبیح اللہ مجاہد نے بیان میں کہا کہ افغان حکومت بھارت کی حکمران جماعت بی جے پی کی رہنما کی طرف سے نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کی شدید مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے بھارت کی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایسے جنونیوں کو اسلام کی توہین کرنے اور مسلمانوں کے جذبات کو مشتعل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے۔ بی جے پی کی ترجمان نوپور شرما نے ایک پروگرام میں اسلام اور نبی کریم ﷺ کے حوالے سے ہرزہ سرائی کی تھی۔

تمبو تاپزا، دکی تا پزا سڑک کی تعمیر میں 65 ملین روپے کا غبن

نیب نے 16 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت میں دائر کردیا

کوئٹہ (این این آئی) نیب بلوچستان نے وفاقی حکومت کے تعاون سے ضلع کوہلو میں جاری کوہلو ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت سڑک کے دو منصوبوں میں 65 ملین روپے کی کرپشن کا سراغ لگاتے ہوئے سابق ڈی سی کوہلو اور پروجیکٹ ڈائریکٹر کوہلو ڈویلپمنٹ پیکج اعجاز حیدر شاہ، محکمہ بی اینڈ آر بلوچستان کے افسران ظاہر بلوچ، اسلم قیصرانی (بقیہ نمبر 19)

کراچی؛ کھارادر میں محنت کش خشک میوہ جات کا تیل نکالنے میں مصروف ہیں

سکھوں کو جدید ہتھیاروں کی تربیت حاصل کرنی چاہیے، سربراہ اکال تخت

سکھوں کو سیاسی، معاشی اور سماجی طور پر کمزور کرنے کی کوشش کی گئی ہے

امرتسر (این این آئی) اکال تخت کے سربراہ گیانی ہرپریت سنگھ نے سکھ برادری سے اپیل کی ہے کہ مودی حکومت کی جانب سے سکھوں کو سیاسی، معاشی اور سماجی طور پر کمزور کرنے کی کوششوں کے پیش نظر وہ ہتھیاروں کی تربیت حاصل کریں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق امرتسر میں گولڈن ٹیمپل کے باہر ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے خالصتان کے حق میں فلک شگاف نعروں کی گونج میں تخت کے جتھیدار نے کہا کہ سکھوں کو ہتھیاروں کی تربیت کی اکیڈمی کھولنی چاہیے جہاں لوگ جدید ترین ہتھیار استعمال کرنا سیکھ سکیں۔

اسدالدین اویسی کا بی جے پی رہنما نپور شرما کی گرفتاری کا مطالبہ

نئی دہلی (این این آئی) آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین (اے آئی ایم آئی ایم) کے سربراہ اسد الدین اویسی نے بی جے پی کی ترجمان نپور شرما کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے جن کے گستاخانہ بیان پر پورے عالم اسلام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اسدالدین اویسی نے ایک میڈیا انٹرویو میں کہا کہ بھارت اپنی عزت کھو چکا ہے اور ملک کی خارجہ پالیسی تباہ ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں صرف معطلی کا نہیں بلکہ نپور شرما کی گرفتاری کا مطالبہ کرتا ہوں۔ انہوں نے بھارتی وزارت خارجہ کو بھی تنقید کا نشانہ (بقیہ نمبر 24)

پیٹرول مہنگا ہونے سے سڑکوں پر ٹریفک کم ہوگیا، مبصرین

کراچی (این این آئی) ملک میں پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے بعد کراچی میں ٹریفک کے بہاؤ میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ مبصرین کے مطابق ہفتے کے پہلے کاروباری روز صبح کے اوقات میں ٹریفک کا بہاؤ کم رہا اور ٹریفک جام کے حوالے سے بھی کہیں سے رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔ پمپس مالکان کا کہنا ہے کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے بعد کراچی میں پیٹرول فروخت میں 25 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ قیمت بڑھنے کے سبب لوگوں نے غیر ضروری سفر بند کردیا ہے۔